سلسلۂ اشاعت تنظیمِ اسلامی ۲

ڈاکٹر اسرار احمد

بانی تنظیم اسلامی

تنظیمِ اسلامی کا تاریخی پس منظر

تنظیمِ اسلامی

تنظیم اسلامی کا تاریخی پس منظر

ڈاکٹر اسرار احمد

امت مسلمہ کے عروج وزوال کے دو اَدوار

2

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ

’’لَيَاْتِيَنَّ عَلٰى اُمَّتِيْ مَا اَتٰى عَلٰى بَنِي اِسْرَائِيْلَ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ‘‘

رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ ،عَنْ عَبْدِ اللهِ ابْنِ عَمرٍورضی اللہ عنہماO

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما راوی ہیں کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا:

’’میری امت پر بھی وہ تمام احوال وارد ہو کر رہیں گے جو بنی اسرائیل پر ہوئے، بالکل ایسے جیسے ایک جوتا دوسرے جوتے سے مشابہ ہوتا ہے‘‘

3

تقدیم

پیش نظر کتابچہ میری جس تحریر پر مشتمل ہے وہ ۱۹۷۴ء کے اواخر میں ماہ رمضانِ مبارک کے دوران بحالت اعتکاف سپردِ قلم ہوئی تھی۔ اور اولاً ماہنامہ ’میثاق‘ کی اکتوبر ونومبر ۷۴ء کی مشترک اشاعت میں شائع ہوئی تھی۔

اس سے چند ماہ قبل ۲۱ر جولائی کو راقم ایک مفصل تقریر میں ’تنظیمِ اسلامی‘ کے قیام یا صحیح تر الفاظ میں

احیاء کا اعلان کر چکا تھا۔ اس تقریر کا اکثر حصہ 'میثاق' بابت ستمبر۷۴ء میں شائع ہو چکا تھا۔ اور بقیہ متذکرہ بالا مشترک اشاعت میں شامل تھا۔

بعدازاں ۱۹۷۹ء میں ان دونوں کو یکجا کتابی صورت میں ''سرافگندیم'' کے نام سے شائع کر دیا گیا تھا۔ ادھر ایک عرصے سے یہ کتاب نایاب تھی۔ اب مذکورہ تقریر سلسلۂ اشاعت تنظیم اسلامی نمبر ا کی حیثیت میں ''عزمِ تنظیم'' کے عنوان سے شائع ہو چکی ہے۔ چنانچہ یہ تحریر سلسلۂ اشاعت نمبر ۲ کی حیثیت سے پیش خدمت ہے۔

4

اس تحریر کا اصل مقصد تو یہ تھا کہ اس امر کی وضاحت کی جائے کہ بیسویں صدی عیسوی کے وسط اور چودھویں صدی ہجری کے نصف آخر میں امت مسلمہ کے طول وعرض میں جو ''ہمہ جہتی احیائی عمل'' جاری ہوا اور از مشرقِ بعید تا مغربِ اقصیٰ مختلف تحریکوں اور تنظیموں کے ذریعے جو تجدیدی مساعی منظر عام پر آئیں، ذاتی طور پر راقم الحروف اور اجتماعی حیثیت میں تنظیمِ اسلامی کی جدوجہد ان کے کس گوشے سے تعلق رکھتی ہے۔ (چنانچہ اس تحریر کا بڑا حصہ اسی موضوع سے متعلق ہے۔) لیکن چونکہ بفحوائے الفاظِ قرآنی {كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ } (البقرہ ۲۸) 'احیاء' سے

5

قبل کسی موت کا تصور لازمی ولابدی ہے، لہٰذا ذہن امت کے عروج وزوال کی تاریخ کی جانب منتقل ہوا۔ اور اسی اثناء میں کہ راقم امت کی تاریخ کے نشیب وفراز میں غلطاں وپیچاں (۱)

تھا، اچانک ایک حدیثِ نبویؐ ذہن میں بجلی کے مانند کوند گئی جس نے بعینہٖ وہی کام کیا جو ایک بہت بڑے خزانے کو کھولنے کے لئے ایک چھوٹی سی کنجی کرتی ہے۔ چنانچہ نبی اکرم ﷺ کے قول مبارک ''لَيَاْتِيَنَّ عَلٰى اُمَّتِيْ مَا اَتٰى عَلٰى بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ.....'' کی عظیم کلید(۲)

نے مجھ پر امتِ مسلمہ کی چودہ سو سالہ تاریخ مختلف ادوار کے علم وفہم کا وہ خزانہ منکشف فرما دیا جو ؎ ''خوشتر آں باشد کہ سرِّ دلبراں۔ گفتہ آید درحدیث دیگراں!'' (۳)

کے مصداق سابقہ امتِ مسلمہ یعنی بنی اسرائیل کی دو ہزار سالہ تاریخ کے مختلف ادوار کے تذکرہ پر مشتمل سورۂ بنی اسرائیل کی چند ابتدائی آیات میں مضمر تھا! فَلَہُ الْحَمْدُ وَالْمِنَّۃ۔

محض تَحْدِيْثًا بِّالنِّعْمَہ عرض ہے کہ اس سے ذاتی طور پر راقم کے سرمایۂ ایمان ویقین میں تین اعتبارات سے گراں قدر اضافہ ہوا، چنانچہ ایک جانب میرے قلب پر عظمتِ قرآن کا نقش مزید گہرا ہوا، خصوصاً اس پہلو سے جس کا ذکر نبی

اکرم ﷺ نے ان الفاظ مبارکہ میں فرمایا ہے کہ فِیہِ نَبَأُ مَا قَبْلَکُمْ وَخَبَرُ مَا بَعْدَکُمْ وَحُکْمُ مَا بَیْنَکُمْ (ترمذی ودارمی عن علی رضی اللہ عنہ)۔ دوسری جانب حدیث نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام کی عظمت آشکارا ہوئی کہ علم وحکمت کے کیسے کیسے قیمتی ہیرے اور خوبصورت موتی اس میں موجود ہیں، اور تیسری جانب قرآن اور حدیث کے مابین ربط کی اہمیت کا اندازہ ہوا کہ دین کے عملی پہلوؤں یعنی احکام شریعت کے ضمن میں تو کتاب اللہ اور سنتِ رسولؐ کا باہمی لزوم واضح اور مسلم ہے ہی، قرآن حکیم کے علم وحکمت اور ہدایت ومعرفت کے خزانوں کے لئے بھی نبی اکرم ﷺ کے چھوٹے چھوٹے فرمودات کلید کی حیثیت رکھتے ہیں! _____ (۱) الجھا ہوا (۲) کنجی (۳) اس پر خوشی حاصل کرو کہ آپ کے محبوب کا راز دوسروں کے احوال میں بیان کردیا گیا ہے

بہرحال ان گہرے تاثرات کے ساتھ جب قلم حرکت میں آیا تو ایک سیلاب کی سی 'آمد' کے ساتھ وہ تحریر صادر ہو گئی جس پر دوسروں نے جو خراجِ تحسین ادا کیا اس سے قطع نظر، اب سولہ سال بعد 'نظرثانی' کی غرض سے جب خود میں نے اسے پڑھا تو حیران رہ گیا کہ ع

''ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی''۔

اس لئے کہ اس کے ذریعے امت مسلمہ کی چودہ صد سالہ تاریخ کے وہ جملہ اہم نقوش غایتِ اختصار کے ساتھ کل بارہ صفحات میں ثبت ہو گئے ہیں، جن کا علم تجدید واحیائے دین کی خواہش رکھنے والے ہر شخص کے لئے تو لازمی ولابدی ہے ہی، عام مسلمانوں کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

راقم کی اپنی تحریر میں امت مسلمہ کی تاریخ کے مختلف ادوار کے سلسلے میں تاریخ بنی اسرائیل کے حوالے محض ضمناً آئے ہیں، لیکن اب اس کی افادیت میں اضافے کی غرض سے تاریخ بنی اسرائیل کا ایک خاکہ بھی بطور ضمیمہ شامل کر دیا گیا ہے۔ اس ضمیمے کے صرف عنوانات راقم نے قائم کئے ہیں، باقی سارا مواد سید ابو الاعلیٰ مودودی مرحوم کے ان تفسیری حواشی سے ماخوذ ہے جو ''تفہیم القرآن'' جلد دوم میں سورۂ بنی اسرائیل کے پہلے رکوع کے ذیل میں درج ہیں۔(۱)

ان دونوں کے تقابلی مطالعے سے، ان شاء اللہ العزیز، علم وحکمت کے ہر طالب پر کسی مسلمان امت کی تشکیل وتأسیس کی اصل بنیاد اور اس کے عروج وزوال کے اسباب وعلل ایسے اہم مسائل کے ضمن میں فلسفۂ تاریخ وعمرانیات کے فہم اور تفقہ کا دروازہ کھل جائے گا۔ اس سلسلہ میں چند اضافی نکات کی جانب اجمالی اشارہ سطورِ ذیل میں کیا جا رہا ہے، فَافْهَمُوا وَتَدَبَّرُوا!

۱۔ امت مسلمہ کی تشکیل کی اساس کتابِ الٰہی ہے، یہی وجہ ہے کہ تاریخ بنی اسرائیل کا آغاز تورات

کے حوالے سے کیا گیا، اور بحیثیت امت مسلمہ ان کے دور کے خاتمے اور نئی

_____ (۱) مختصر ترین الفاظ میں یہ مضمون راقم کی تالیف ''استحکامِ پاکستان'' کے باب نہم میں بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

امت مسلمہ یعنی امت محمدؐ کے دور کا آغاز کا اعلان قرآن کے حوالے سے کیا گیا۔

۲۔ امت محمدؐ دونوں قبلوں کی متولی بنا دی گئی۔ چنانچہ سورۂ بنی اسرائیل کا آغاز آنحضورؐ کے سفرِ معراج کے پہلے اور زمینی حصے یعنی مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک کے ذکر سے کیا گیا۔

۳۔ کتاب اللہ کی تعلیم کا لُبِّ لباب توحید ہے، اور توحید کا خلاصہ یہ ہے کہ توکل اللہ کے سوا اور کسی ہستی یا چیز پر نہ رہے ! {اَلَّا تَتَّخِذُوۡا مِنۡ دُوۡنِیۡ وَکِیۡلًا ؕ ۲} (بنی اسرائیل:2)

۴۔ امت محمدؐ کے عروج اول کا دور حیاتِ نبویؐ ہی میں شروع ہو گیا تھا اس لئے کہ اللہ نے آپؐ کے دستِ مبارک ہی سے انقلاب کی تکمیل کرا دی تھی۔ جب کہ سابقہ امت کا عروجِ اول اپنے رسول یعنی حضرت موسیٰؑ اور ان کو کتاب دیئے جانے کے لگ بھگ تین سو سال بعد شروع ہوا، اس لئے کہ بنی اسرائیل کی بزدلی کے باعث حضرت موسیٰؑ کی حیاتِ دنیوی کے دوران انقلاب کی تکمیل نہیں ہو پائی تھی۔ سورۂ بنی اسرائیل کے پہلے رکوع میں تاریخ بنی اسرائیل کے اس دور کا ذکر موجود نہیں ہے۔

۵۔ زوالِ اول کے ضمن میں عذابِ الٰہی کے کوڑے دونوں امتوں پر دو مرحلوں میں پڑے: بنی اسرائیل پر پہلے اشوریوں کے ہاتھوں جو شمال سے حملہ آور ہوئے، اور بعدازاں کلدانیوں کے ہاتھوں جو مشرق سے حملہ آور ہوئے۔ اور مسلمانوں پر پہلے صلیبیوں کے ہاتھوں جو شمال مغرب سے آئے، اور پھر تاتاریوں کے ہاتھوں جن کا سیلاب مشرق کی جانب سے آیا۔

٦۔ سابقہ امت مسلمہ چونکہ صرف ایک 'قوم' یعنی بنی اسرائیل پر مشتمل تھی لہٰذا اس میں تجدید واحیاء کا کام بھی لامحالہ ان ہی کے ذریعے ہوا۔ امتِ محمدؐ چونکہ واضح طور پر دو حصوں پر مشتمل ہے یعنی اُمیّین اور اٰخَرِین پر ، لہٰذا اس کے ضمن میں {یَسۡتَبۡدِلۡ قَوۡمًا غَیۡرَکُمۡ ۙ} (محمد ۳۸) پر عمل ہوا، اور عروج ثانی عربوں کی قیادت میں نہیں بلکہ ترکوں کی قیادت میں ہوا۔

۷۔ دونوں امتوں پر زوال کا دوسرا اور طویل تر دور یورپی اقوام کے ہاتھوں آیا۔ بنی اسرائیل پر رومیوں کے ہاتھوں، اور مسلمانوں پر فرانسیسیوں، انگریزوں، ولندیزیوں اور اطالویوں وغیرہ کے ذریعے !

۸۔ بعثتِ محمدیؐ کے موقع پر سابقہ امت کے لئے رحمتِ خداوندی کے سایہ تلے آنے کا آخری موقع پیدا

ہوا تھا جسے اس نے اپنی شامتِ اعمال سے کھودیا، لہٰذا ان کا دوسرا دورِ زوال تا حال جاری ہے۔ چنانچہ ان پر {وَ اِنۡ عُدۡتُمۡ عُدۡنَا ۘ} (بنی اسرائیل:8) کی وعید کا ظہور تسلسل کے ساتھ جاری رہا۔ جس کی نمایاں ترین مثال نصف صدی پیشتر کا وہ عذاب ہے جو ان پر جرمنوں کے ہاتھوں آیا۔ اور جسے یہ ہالوکاسٹ (Holocaust) سے تعبیر کرتے ہیں۔ تاہم اس کا اصل نقطۂ عروج خروجِ دجال اور نزولِ مسیحؑ کے موقع پر ہو گا۔ جس کا وقت اب زیادہ دور محسوس نہیں ہوتا۔

۹۔ بعثتِ محمدیؐ کے بعد سے رحمتِ خداوندی میں داخلے کا واحد 'شاہ درہ' قرآن حکیم ہے، جس کی جانب اب سے چودہ سو سال قبل بنی اسرائیل کی رہنمائی کی گئی تھی، اور اب امت مسلمہ کے لئے بھی زوالِ ثانی سے نکل کر عروج سوم کی جانب پیش قدمی کا واحد راستہ ''رجوع الی القرآن'' ہے! یہی وجہ ہے کہ سورۂ بنی اسرائیل کے پہلے رکوع کے آخر میں بھی فرمایا گیا {اِنَّ ہٰذَا الۡقُرۡاٰنَ یَہۡدِیۡ لِلَّتِیۡ ہِیَ اَقۡوَمُ} پھر پوری سورۂ مبارکہ کا عمود ہی عظمتِ قرآن کا بیان ہے، بالخصوص یہ آیاتِ مبارکہ نہایت قابلِ توجہ ہیں {وَ نُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ہُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۙ} اور {وَ لَقَدۡ صَرَّفۡنَا لِلنَّاسِ فِیۡ ہٰذَا الۡقُرۡاٰنِ مِنۡ کُلِّ مَثَلٍ ؕ} اور اختتام سورہ پر تو نہایت پُر شکوہ اور پُر جلال انداز اختیار فرمایا گیا۔ یعنی {وَ بِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰہُ وَ بِالۡحَقِّ نَزَلَ ؕ} جس کی کامل ترجمانی ہے نبی اکرم ﷺ کے اس قول مبارک میں کہ '' اِنَّ اللّٰہَ یَرۡفَعُ بِھٰذَا الۡکِتٰبِ اَقۡوَامًا وَّیَضَعُ بِہٖ اٰخَرِیۡنَ'' (مسلم عن عمر رضی اللہ عنہ) چنانچہ اس امر پر اللہ تعالیٰ کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم

9

ہے کہ تنظیمِ اسلامی کا 'مبنیٰ' (۱)
ہی نہیں 'محور' (۲)
بھی ''رجوع الی القرآن'' ہے۔

۱۰۔ امتِ مسلمہ کا تیسرا اور آخری عروج، جس کی جانب پیش قدمی شروع ہو چکی ہے تقدیر مبرم کی طرح لازمی اور اٹل ہے۔ (۳)

تاہم بفحوائے الفاظ قرآنی {وَ اِنۡ اَدۡرِیۡۤ اَقَرِیۡبٌ اَمۡ بَعِیۡدٌ مَّا تُوۡعَدُوۡنَ} (الانبیائ: ۱۰۹) نہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ مرحلہ ابھی کتنی دور ہے، نہ اس کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ اس سے قبل ابھی امت کو اور کون کون سے صدمے جھیلنے اور مصائب برداشت کرنے ہوں گے، مزید براں یہ بھی بعید نہیں کہ اس عروج ثالث کے سلسلے میں تاریخ اپنے آپ کو دہرائے اور قدرتِ خداوندی موجود الوقت جملہ نام نہاد مسلمان اقوام کو رد کر کے کسی بالکل نئی قوم کے ہاتھوں میں اپنے دین کا جھنڈا تھما دے۔ وما ذلک علی اللہ بعزیز!! ----------

موجودہ تجدیدی مساعی اور ''ہمہ جہتی احیائی عمل'' کے جائزے کے بارے میں بھی راقم کو اطمینان

ہے کہ بحمدللہ اب سے سولہ سال قبل ضبطِ تحریر میں آنے والا یہ جائزہ بھی نہ صرف یہ کہ نہایت جامع ہے، بلکہ بہت فکر انگیز بھی ہے۔ اور اس کے ذریعے امید واثق ہے کہ ایک جانب تمام خادمانِ دین اور مخلصینِ ملت کے فکر ونظر کو وسعت حاصل ہوگی اور وہ "انا ولاغیری" کی تنگ گھاٹی سے نکل آئیں گے اور وسیع تر تناظر میں جملہ احیائی مساعی کو قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے، اور دوسری جانب تنظیمِ اسلامی کے کارکنان تاریخ کے دھارے میں اپنے مقام، محل، اور موقف کا واضح شعور اور اپنے پیشِ نظر کام کے حدودِ اربعہ اور اصول و قواعد کا واضح فہم حاصل کر کے ذہن و قلب کی پوری یکسوئی کے ساتھ جدوجہد میں منہمک ہو سکیں گے، اور وقتی سیاسی ہنگاموں اور {زَبَدًا رَّابِیًا} (الرعد: ۱۷) کی مانند عارضی اور سطحی جوش وخروش کے ساتھ اٹھنے والی تحریکوں سے متاثر ہو کر اپنا وقت ضائع اور منزل کھوٹی نہیں کریں گے۔ اللھم امین!

۱۹ ؍ فروری ۹۱ سہ _____

(۱) بنیاد (۲) مرکزی نقطہ (۳) ملاحظہ ہو میری تالیف ''استحکامِ پاکستان'' کا باب نہم !

امت مسلمہ کے عروج وزوال کے

دو ادوار

(تاریخ بنی اسرائیل کے پس منظر میں)

----------اور---------

موجودہ احیائی مساعی کا اجمالی جائزہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
سُبۡحٰنَ الَّذِیۡۤ اَسۡرٰی بِعَبۡدِہٖ لَیۡلًا مِّنَ الۡمَسۡجِدِ الۡحَرَامِ اِلَی الۡمَسۡجِدِ الۡاَقۡصَا الَّذِیۡ بٰرَکۡنَا حَوۡلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنۡ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّہٗ ہُوَ السَّمِیۡعُ الۡبَصِیۡرُ ﴿ ۱ ﴾ وَ اٰتَیۡنَا مُوۡسَی الۡکِتٰبَ وَ جَعَلۡنٰہُ ہُدًی لِّبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ اَلَّا تَتَّخِذُوۡا مِنۡ دُوۡنِیۡ وَکِیۡلًا ؕ ﴿ ۲ ﴾ ذُرِّیَّۃَ مَنۡ حَمَلۡنَا مَعَ نُوۡحٍ ؕ اِنَّہٗ کَانَ عَبۡدًا شَکُوۡرًا ﴿ ۳ ﴾ وَ قَضَیۡنَاۤ اِلٰی بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ فِی الۡکِتٰبِ لَتُفۡسِدُنَّ فِی الۡاَرۡضِ مَرَّتَیۡنِ وَ لَتَعۡلُنَّ عُلُوًّا کَبِیۡرًا ﴿ ۴ ﴾ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ اُوۡلٰىہُمَا بَعَثۡنَا عَلَیۡکُمۡ عِبَادًا لَّنَاۤ اُولِیۡ بَاۡسٍ شَدِیۡدٍ فَجَاسُوۡا خِلٰلَ الدِّیَارِ ؕ وَ کَانَ وَعۡدًا مَّفۡعُوۡلًا ﴿ ۵ ﴾ ثُمَّ رَدَدۡنَا لَکُمُ الۡکَرَّۃَ عَلَیۡہِمۡ وَ اَمۡدَدۡنٰکُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّ بَنِیۡنَ وَ جَعَلۡنٰکُمۡ اَکۡثَرَ نَفِیۡرًا ﴿ ۶ ﴾ اِنۡ اَحۡسَنۡتُمۡ اَحۡسَنۡتُمۡ لِاَنۡفُسِکُمۡ ۟ وَ اِنۡ اَسَاۡتُمۡ فَلَہَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ الۡاٰخِرَۃِ لِیَسُوۡٓءٗا وُجُوۡہَکُمۡ وَ لِیَدۡخُلُوا الۡمَسۡجِدَ کَمَا دَخَلُوۡہُ اَوَّلَ مَرَّۃٍ وَّ لِیُتَبِّرُوۡا مَا عَلَوۡا تَتۡبِیۡرًا ﴿ ۷ ﴾ عَسٰی رَبُّکُمۡ اَنۡ یَّرۡحَمَکُمۡ ۚ وَ اِنۡ عُدۡتُّمۡ عُدۡنَا ۘ وَ جَعَلۡنَا جَہَنَّمَ لِلۡکٰفِرِیۡنَ حَصِیۡرًا ﴿ ۸ ﴾ اِنَّ ہٰذَا الۡقُرۡاٰنَ یَہۡدِیۡ لِلَّتِیۡ ہِیَ اَقۡوَمُ وَ یُبَشِّرُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ الَّذِیۡنَ یَعۡمَلُوۡنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَہُمۡ اَجۡرًا کَبِیۡرًا ۙ﴿ ۹ ﴾ وَّ اَنَّ الَّذِیۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَۃِ اَعۡتَدۡنَا لَہُمۡ عَذَابًا اَلِیۡمًا ﴿ ۱۰٪ ﴾ (بنی اسرائیل)

امت مسلمہ کے عروج وزوال کے دو ادوار

ہمارے نزدیک بیسویں صدی عیسوی کو امتِ مسلمہ کی تاریخ میں ایک فیصلہ کن موڑ (Turning point) کی حیثیت حاصل ہے، چنانچہ اس کے رُبعِ اول کے خاتمے کے لگ بھگ جب کہ امت کے ایک حساس اور درد مند فرد کے دل کی گہرائیوں سے یہ درد انگیز صدا بلند ہوئی ؎

پستی کا کوئی حد سے گزرنا دیکھے
اسلام کا گر کر نہ ابھرنا دیکھے
مانے نہ کبھی کہ مد ہے ہر جزر کے بعد
دریا کا ہمارے جو اترنا دیکھے!

(حالیؔ)

تاریخ ایک کروٹ لے چکی تھی اور ملتِ اسلامی کے تنِ مردہ میں حیاتِ تازہ کے کچھ آثار ظاہر ہونے شروع ہو چکے تھے۔

اور اگر ذرا بنظرِ غائر مشاہدہ کیا جائے تو اس صدی کا درمیانی نصف تو ایک نہایت ہی عجیب نقشہ پیش کرتا ہے۔ یعنی یہ کہ ایک طرف تنزل اور انحطاط (۱)
کا عمل بھی جاری رہا اور نکبت و ادبار (۲)
کے سائے مزید گہرے ہوتے چلے گئے جس کا نقطۂ عروج (Climax) ۶۷ء اور ۷۱ء کی ذلت و رسوائی ہے (۳)
اور دوسری طرف ایک گھمبیر اور ہمہ جہتی احیائی عمل کا آغاز بھی ہو گیا جس کا نقطۂ آغاز ۲۰-۲۵ء کا زمانہ ہے۔ گویا مسلسل بچاس _____ (۱) پستی (۲) بدحالی و مفلسی (۳) اب معلوم ہوتا ہے کہ یہ بھی خوش فہمی ہی تھی۔ امت مسلمہ کے دوسرے دور زوال کی انتہا شاید اب آیا چاہتی ہے۔(جنوری ۱۹۹۱ء)

برس تک یہ دونوں {مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿۱۹﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿۲۰﴾} کی سی شان کے ساتھ پہلو بہ پہلو جاری رہے۔

اس اجمال کی تفصیل کے ضمن میں ہم پہلے امت مسلمہ کے عروج و زوال کا ایک اجمالی خاکہ تاریخی ترتیب (Chronological Order) کے ساتھ پیش کرنے کی کوشش کریں گے، تاکہ ایک طرف 'عروج' کے ضمن میں ملتِ اسلامی کی عظمت و سطوتِ گزشتہ کی ایک جھلک سامنے آئے اور علامہ اقبال کے اس شعر کے مطابق کہ ؎

کبھی اے نوجواں مسلم تدبر بھی کیا تو نے؟
وہ کیا گردوں تھا تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا!

مسلمان نوجوان کو معلوم ہو کہ ایک وقت وہ بھی تھا جب عرب افواج جبرالٹر (جبل الطارق) سے شمال مشرق کی جانب بڑھتی ہوئی فرانس کے عین قلب تک جا پہنچی تھیں اور پھر ایک وقت وہ بھی آیا جب ترک افواج پورے مشرقی یورپ کو روندتی ہوئی ''وی آنا'' کے دروازوں تک جا پہنچی تھیں۔ شاید کہ اسی طرح کچھ نوجوانوں کے دل میں ملتِ اسلامی کی تجدید اور اس کی عظمت و سطوتِ گزشتہ کی بازیافت (۱)
کا جذبہ پیدا ہو جائے۔ اور دوسری طرف 'زوال' کے ضمن میں یہ حقیقت واضح ہو جائے کہ خدا کا

عدل بے لاگ ہے اور اس کا قانون اٹل اور غیر مبدل۔ اس نے جو معاملہ سابق امتِ مسلمہ یعنی بنی اسرائیل کے ساتھ کیا بعینہٖ وہی ہمارے ساتھ کیا، حتیٰ کہ ہماری اور ان کی تاریخ میں ایک حد درجہ حیرت انگیز مشابہت موجود ہے اس پہلو سے کہ یہود پر بھی اللہ تعالیٰ کے عذاب کے دو دور آئے اور ہم پر بھی دو ہی دور آئے۔ اگرچہ امتِ محمد علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی وسعت کی نسبت سے _____

(۴) سورۃ الرحمن، آیات ۱۹، ۲۰: ''چلائے دو دریا ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ، (لیکن) دونوں کے مابین ایک پردہ (حائل) ہے کہ باہم ایک دوسرے پر غالب نہ آسکیں!''

ہمارے نکبت و ادبار کے یہ دور بھی یہود کے مقابلے میں بہت طویل رہے اور جس طرح بنی اسرائیل کی تولیت (۱) کے زمانے میں بیت المقدس کے ناموس کا پردہ ؎

اسکندر و چنگیز کے ہاتھوں سے جہاں میں
سو بار ہوئی حضرتِ انساں کی قبا چاک!

کے مصداق دو بار چاک ہوا، اسی طرح ہمارے عہدِ تولیت میں بھی مسجدِ اقصیٰ کی حرمت دو ہی مرتبہ پامال ہوئی۔

اس کے بعد ہم اس گھمبیر اور ہمہ جہتی ''احیائی عمل'' کا اجمالاً جائزہ لیں گے تاکہ ایک طرف لوگوں کا افق ذہنی وسیع ہو اور وہ مختلف احیائی کوششوں کو ان کے صحیح پس منظر میں دیکھ سکیں اور دوسری طرف یہ بھی واضح ہو جائے کہ ہم خود اس ہمہ جہتی احیائی عمل کے کس گوشے میں ایک حقیر سی خدمت سرانجام دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ تاکہ {لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ}(۲)

کے مصداق جو ہمارا ساتھ دینا چاہے وہ بھی پورے انشراحِ صدر کے ساتھ دے اور جو تنقید کی 'خدمت' سرانجام دینا چاہے وہ بھی ہمارے موقف کو اچھی طرح سمجھنے کے بعد ہی اس اہم مگر نازک فرض کی ادائیگی پر کمربستہ ہو!

امتِ مسلمہ کے عروج وزوال کے تاریخی خاکے کے ضمن میں دو باتیں پیشگی سمجھ لینی چاہئیں:

ایک یہ کہ اپنی ہیئتِ تشکیلی کے اعتبار سے امتِ محمد c کے دو حصے ہیں۔ پہلا اُمیّین یعنی بنی اسمٰعیل پر مشتمل ہے اور اسے اس امت کے قلب یا مرکز (Nucleus) کی حیثیت حاصل ہے اور دوسرا اٰخَرِین یعنی دیگر

اقوام پر مشتمل
(۱) سربراہی ، نگرانی(۲) سورۃ الانفال آیت ۴۲: ''تاکہ ہلاک ہو جسے ہلاک ہونا ہے حجت قائم ہو چکنے کے بعد اور جئے جسے جینا ہو واضح دلیل کے ساتھ !''

ہے خواہ وہ کُرد ہوں یا ترک، اہلِ فارس ہوں یا اہلِ ہند، افغان ہوں یا مغل، اہلِ حبش ہوں یا بربر، مشرقِ بعید یعنی ملایا اور انڈونیشیا سے تعلق رکھتے ہوں یا مغربِ بعید یعنی مراکو اور موریطانیہ سے۔

دوسرے یہ کہ جغرافیائی اعتبار سے بھی عالمِ اسلام کو تین حصوں میں منقسم سمجھنا چاہئے۔ یعنی ایک قلب، دوسرے میمنہ اور تیسرے میسرہ۔ اگر دنیا کے نقشے کو سامنے رکھ کر عالمِ اسلام پر نگاہ جمائی جائے تو وہ ایک ایسے عقاب کے مانند نظر آئے گا جو اپنے دونوں بازوؤں کو پوری طرح پھیلائے محوِ پرواز ہو۔ جزیرہ نمائے عرب، عراق، فلسطین، شام اور ایشیائے کوچک جو عالمِ اسلام کے قلب کی حیثیت رکھتے ہیں اس عقاب کے جسم کے مانند نظر آئیں گے، جن میں سے ایشیائے کوچک کو اس کے سر اور چونچ سے مشابہت ہے اور جزیرہ نمائے عرب کے جنوبی حصے کو اس کے دُم کے پھیلے ہوئے پروں سے۔ اس عقاب کا دایاں بازو (میمنہ) ایران، ترکستان، افغانستان اور برصغیر ہندو پاک سے ہوتا ہوا ملایا اور انڈونیشیا تک پھیلا ہوا ہے اور بایاں بازو (میسرہ) پورے شمالی افریقہ کو لپیٹ میں لیتا ہوا سپین تک چلا گیا ہے۔

اب آیئے تاریخی خاکے کی طرف:

سنِ عیسوی(۱)

کے حساب سے امتِ مسلمہ کی تاریخ کا آغاز ساتویں صدی سے ہوتا ہے، اس لئے کہ آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت اغلباً ۵۷۱ء میں ہوئی۔ ۶۱۰ء میں آپؐ نے اپنی دعوت کا آغاز فرمایا اور محتاط ترین حساب کے مطابق اپریل ۶۳۲ء میں آپ جزیرہ نمائے عرب کی حد تک 'اسلامی انقلاب' کی تکمیل فرما کر ''رفیق اعلیٰ'' سے جا ملے، فصلی اللہ علیہ وبارک وسلم تسلیما کثیرا۔ اصحابِ ثلٰثہ یعنی حضرات ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور عثمان غنی رضوان اللہ علیہم اجمعین کے عہدِ خلافت کے دوران اُمیّین ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے میں تلوار لے کر ایک سیلاب کے مانند جزیرہ نمائے عرب سے نکلے اور انہوں نے ایک ربع صدی سے بھی کم میں ایران وعراق،

(۱) چونکہ اکثر لوگوں کے اذہان سنِ عیسوی ہی کے ساتھ زیادہ مانوس ہیں لہٰذا یہاں اسی کو پیش نظر رکھا جا رہا ہے۔

شام و فلسطین اور مصر کے علاوہ شمالی افریقہ کے بڑے رقبے پر اسلام کا پرچم لہرادیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے عہدِ خلافت میں تو یہ عمل رکا رہا، لیکن بنوامیہ کے دور کے آغاز کے ساتھ ہی اس سیلاب نے دوبارہ آگے بڑھنا شروع کر دیا اور تھوڑے ہی عرصے میں ایک طرف مشرق میں ترکستان، افغانستان اور سندھ تک اور دوسری طرف مغرب میں پورے شمالی افریقہ کے علاوہ سپین سمیت مغربی یورپ کا وسیع علاقہ اُمیّین کے زیر نگیں آگیا اور عالم اسلام کی سرحدیں تین براعظموں تک وسیع ہو گئیں۔ یہی وہ زمانہ تھا جب عرب افواج اندلس سے پیش قدمی کرتے ہوئے فرانس کے عین قلب تک جا پہنچی تھیں۔

آٹھویں، نویں اور دسویں صدی عیسوی کا زمانہ عربوں کے عروج کا دور ہے جس کے دوران اسلام کی علمبرداری اور عالم اسلام کی سیادت دونوں اُمیّین کی دو اہم شاخوں یعنی بنوامیہ اور بنو عباس کے پاس رہیں (۱)

اور روئے ارضی کے ایک بڑے حصے پر ان کے دین ومذہب، ان کے تہذیب وتمدن، ان کے علوم وفنون اور ان کی شان وشوکت کا سکہ رواں رہا۔ لیکن جیسے جیسے دنیوی جاہ وجلال میں اضافہ ہوا، جذباتِ دینی اور حرارتِ ایمانی میں کمی آتی چلی گئی اور اس طرح یہ تناور درخت اندر سے کھوکھلا ہوتا چلا گیا۔ اس اندرونی اضمحلال کے اثرات کے ظاہر ہونے میں کچھ مدت ضرور صرف ہوئی لیکن دسویں صدی عیسوی ہی کے

---

(۱) ان میں سے بھی صرف بنو امیہ کے دور حکومت کو خالص عرب غلبہ واقتدار کا دور قرار دیا جا سکتا ہے۔ اس لئے کہ بنو عباس کے دور حکومت میں ابتدا ہی سے اہل عجم کو حکومت وسلطنت کے معاملات میں فیصلہ کن دخل حاصل ہو گیا تھا اور دراصل اسی نے عرب اقتدار کے تناور درخت کو اندر ہی اندر گھن کی طرح چٹ کر لیا، ورنہ خالص عرب خون میں جو حرارت تھی اور قوتِ مقاومت موجود تھی اس کا ثبوت اس سے ملتا ہے کہ بنوامیہ کی ایک شاخ جس نے اندلس میں قدم جمائے وہ عالم اسلام کے قلب سے عرب قوت کے کلی خاتمے کے بھی تین صدی بعد تک پھلتی پھولتی رہی اور اس کا خاتمہ کہیں پندرہویں صدی عیسوی میں جا کر ہوا۔

دوران واضح ہو گیا تھا کہ عرب اپنے عالم پیری میں قدم رکھ چکے ہیں۔

گیارہویں صدی عیسوی کے دوران اُمیّین کا انحطاط اور زوال اپنی آخری حدوں کو پہنچ گیا اور اس طرح عالمِ اسلام کے قلب میں قوت کا ایک خلا (Power Vacuum) پیدا ہو گیا۔

خوش قسمتی سے قوت کے دباؤ میں اس کمی (Depression) کے نتیجے میں عالم اسلام کی شمال مشرقی سرحدوں سے جو قبائل قلبِ اسلام کی طرف کھنچ کر آئے وہ پہلے ہی سے مسلمان ہو چکے تھے۔ یعنی کُرد اور ترکانِ سلجوقی جنہوں نے گیارہویں صدی عیسوی کے دوران شام، فلسطین اور مصر میں مضبوطی کے ساتھ قدم جمائے اور اس طرح عالمِ

اسلام کے قلب کی حفاظت اور مدافعت کے لئے کسی قدر تازہ دم قوت فراہم ہو گئی۔(۱)

بارہویں اور تیرہویں صدی عیسوی کے دوران میں امت مسلمہ پر گویا عذابِ خداوندی کے ''وعدہ اولیٰ'' کا ظہور ہوا اور ہو بہو {بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّيَارِ}(۲) کا نقشہ کھنچ گیا۔ چنانچہ پہلے شمال سے صلیبی طوفان کے ریلے آنے شروع ہوئے۔(۳)

اور ۱۰۹۹ء میں نہ صرف یہ کہ مسجدِ اقصیٰ کے ناموس کا پردہ چاک ہوا بلکہ بیت المقدس میں وہ قتلِ عام ہوا جس کا تذکرہ کرتے ہوئے مغربی مؤرخین بھی کانپ جاتے ہیں پورے اٹھاسی برس تک بیت المقدس پر صلیبیوں کا قبضہ رہا۔ اس لئے کہ دولت عباسی تو ''مرنے والی امتوں کے عالمِ پیری'' کا نقشہ پیش کر رہی تھی، گویا

---

(۱) یہ اسی دور کی بات ہے کہ افغان قبائل نے جنوب مشرق کا رخ کیا اور ہندوستان پر حملے شروع کئے جس سے ہند میں مسلمانوں کی عظیم الشان مملکت کے قیام کی راہ ہموار ہوئی۔

(۲) سورۃ بنی اسرائیل آیت ۵: ''بھیجے ہم نے تم پر اپنے بندے سخت جنگجو، جو گھس گئے اور پھیل گئے شہروں کے مابین''

(۳) جیسے بنی اسرائیل پر بھی پہلی تباہی شمال سے حملہ آور ہونے والے آشوریوں کے ہاتھوں آئی تھی۔

اُمیِّیْن میں تو سرے سے دم خم باقی ہی نہ رہا تھا۔ بالآخر اٰخَرِین کے تازہ و گرم خون نے مجاہد کبیر صلاح الدین ایوبیؒ کی سرکردگی میں ۱۱۸۷ء میں بیت المقدس کو صلیبیوں کے قبضے سے نجات دلائی اور اس طوفان کا رخ موڑا۔ اور پھر مشرق کی جانب سے آیا فتنۂ تاتار کا وہ طوفانِ عظیم جس نے پہلے افغانستان اور ایران کو پامال کیا اور ہر جگہ کشتوں کے پشتے لگا دیئے اور بالآخر ۱۲۵۸ء میں بغداد میں وہ تباہی مچائی کہ رہے نام اللہ کا۔ لاکھوں مسلمان تہِ تیغ ہوئے، بغداد کی گلیاں خون کی ندیاں بن گئیں اور الف لیلیٰ کے اس رومانوی شہر کی اینٹ سے اینٹ بج گئی اور بعینہٖ وہ کیفیت پیدا ہو گئی جو کم و بیش دو ہزار سال قبل بخت نصر کے حملے سے بیت المقدس کی ہوئی تھی۔ نتیجۃً زوالِ ملکِ مستعصم امیر المومنین کے ساتھ ہی خلافتِ عباسی کا ٹمٹماتا ہوا چراغ بالکل گُل ہو گیا اور نہ صرف یہ کہ امتِ مسلمہ پر عذابِ خداوندی کا یہ پہلا دور تکمیل کو پہنچا بلکہ کم از کم اُمیِّیْن کی حد تک تو {وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ}(۱) کی وعید بھی پوری ہو گئی اور وہ عالم اسلام کی سیادت و قیادت کے منصب سے معزول کر دیئے گئے۔ دو سال بعد یعنی ۱۲۶۰ء میں اس طوفان کا رخ بھی اٰخَرِین ہی نے پھیرا جس سے کم از کم اسلام کا مغربی بازو اس کی تاخت و تاراج سے محفوظ رہ گیا۔

بارہویں اور تیرہویں صدی عیسوی کے دوران عالمِ اسلام کا قلب بعینہٖ وہی نقشہ پیش کر رہا تھا جسے دیکھ کر

لبھی حضرت عزیر علیہ السلام کی زبان سے بے اختیار یہ الفاظ نکل گئے تھے کہ {اَنّٰی یُحۡیٖ ہٰذِہِ اللّٰہُ بَعۡدَ مَوۡتِہَا}(۲)
لیکن پھر امتِ مسلمہ کے لئے بھی اللہ تعالیٰ کی وہی شان ظاہر ہوئی جس کا ظہور بنی اسرائیل کے حق میں ہوا تھا یعنی:

---

(۱) سورۃ محمدؐ آیت ۳۸: ''اگر تم پیٹھ موڑ لو گے تو (اللہ) تمہاری جگہ کسی دوسری قوم کو کھڑا کر دے گا''
(۲) سورۃ البقرہ آیت ۲۵۹: ''کیسے زندہ کرے گا اللہ اسے، اس کی موت کے بعد''

{ثُمَّ رَدَدۡنَا لَکُمُ الۡکَرَّۃَ عَلَیۡہِمۡ وَ اَمۡدَدۡنٰکُمۡ بِاَمۡوَالٍ وَّبَنِیۡنَ وَ جَعَلۡنٰکُمۡ اَکۡثَرَ نَفِیۡرًا}(۱)

صرف اس فرق کے ساتھ کہ چونکہ سابقہ امت مسلمہ ایک ہی نسل پر مشتمل تھی لہٰذا اس کی 'نشأۃ ثانیہ' کا یہ عمل بھی لامحالہ اسی نسل کے اندر واقع ہوا۔ لیکن امتِ محمد علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے معاملے میں یہ مجبوری نہ تھی، لہٰذا یہاں 'تجدیدِ ملت' کا یہ کام اٰخَرِین کی مختلف اقوام سے لے لیا گیا۔ چنانچہ نہ صرف یہ کہ خود انہی ترکانِ چنگیزی کا بڑا حصہ اسلام لے آیا (۲)

جن کے ہاتھوں عالمِ اسلام پر ہولناک تباہی آئی تھی بلکہ انہی کے قبیل کے وحشی قبائل میں سے دو قبیلوں کو یہ توفیق ارزانی ہوئی کہ وہ حلقہ بگوشِ اسلام ہوئے اور ان میں سے ایک یعنی ترکانِ تیموری نے ہندوستان میں ایک عظیم الشان مسلم سلطنت کی بنیاد رکھ کر عالمِ اسلام کے دائیں بازو کی توسیع کی اور دوسرے یعنی ترکانِ عثمانی نے ابتداءً ایشیائے کوچک میں قدم جمائے اور پھر رفتہ رفتہ اس عظیم الشان مسلمان مملکت کی بنیاد رکھی جس نے ایک طرف پورے مشرقی یورپ پر اپنی بالادستی کا سکہ جمایا، یہاں تک کہ ایک موقع پر اٹلی کے دروازوں تک دستک دی اور دوسری طرف شمالی افریقہ سمیت پورے عالمِ اسلام کے قلب کی حفاظت وسیادت کی ذمہ داری سنبھالی تاآنکہ خلافت کا بھی احیاء کیا۔ اور اس طرح گویا عالمِ اسلام کے قلب کی عظمت وسطوتِ گزشتہ پھر پوری طرح لوٹ آئی۔ اگرچہ عربوں کے ذریعے نہیں بلکہ ترکوں کے واسطے سے۔

قدرت کے کھیل بھی عجیب ہیں۔ ادھر تو خلافتِ عثمانی کے استحکام کے ذریعے عالم اسلام کے قلب میں گویا ملت کی نشاۃِ ثانیہ ہوئی اور ادھر یورپی استعمار کے سیلاب کی صورت

---

(۱) سورۃ بنی اسرائیل آیت ٦: ''پھر ہم نے تمہیں ان پر دوبارہ غلبہ عطا فرمایا اور تمہاری مدد کی مال واسباب اور بیٹوں سے اور کر دی تمہاری نفری سب سے زیادہ''
(۲) ہے عیاں فتنۂ تاتار کے افسانے سے پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے (اقبالؔ)

میں امتِ مسلمہ پر عذابِ الٰہی کے دوسرے اور نہایت طویل دور کا آغاز ہو گیا جس کا اصل زور عالمِ اسلام کے یسرہ اور میمنہ کی جانب رہا۔

یہ ایک ناقابلِ تردید تاریخی حقیقت ہے کہ یورپ میں احیاء (Renaissance) کا پورا عمل اسلام ہی کے زیرِ اثر شروع ہوا اور یہ مسلمان ہی تھے جنہوں نے یورپ کو مشرق و مغرب کے علوم و فنون سے روشناس کرایا لیکن جیسے ہی یورپ میں بیداری پیدا ہوئی اور وہاں قوت کا دباؤ (Power Potential) بڑھا، گویا عالمِ اسلام کی شامت آگئی۔

یورپ مشرق و مغرب دونوں اطراف سے مسلمانوں کے شکنجے میں جکڑا ہوا (Locked) تھا۔ لیکن مشرق میں عذاب کے وعدۂ اولیٰ کے بعد نشاۃِ ثانیہ کا عمل ظاہر ہو چکا تھا اور عظیم سلطنتِ عثمانیہ عالمِ اسلام کے قلب کے محافظ سنتری کی حیثیت سے کھڑی تھی البتہ مغرب میں اب دولتِ ہسپانیہ ''مرنے والی امتوں کے عالمِ پیری'' کا نقشہ پیش کر رہی تھی۔ لہٰذا ''ہے جرمِ ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات'' کے مصداق یورپی استعمار کا اولین شکار وہی بنی اور پندرہویں صدی عیسوی کے دوران اس عظیم سلطنت کا قلع وقمع ہو گیا۔ یہاں تک ۱۴۹۲ء میں سقوطِ غرناطہ کے بعد تو بعینہٖ وہ صورت پیدا ہو گئی جس کا نقشہ قرآن مجید میں عذابِ استیصال کا نوالہ بننے والی قوموں کے بیان میں کھینچا جاتا ہے یعنی : {كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ۭ} (ھود:68) اور {لَا يُرٰٓى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۭ} (احقاف:25) ''جیسے کہ وہ کبھی وہاں آباد ہی نہ تھے'' اور ''اب ان کے ویران مسکنوں کے سوا اور کچھ نظر نہیں آتا''۔

۱۴۹۸ء میں واسکوڈی گاما نے نیا بحری راستہ تلاش کیا اور اس کے فوراً بعد یورپی استعمار کا سیلاب عالمِ اسلام کے میمنہ پر ٹوٹ پڑا اور انڈونیشیا، ملایا اور ہندوستان مختلف یورپی اقوام کے استبدادی پنجوں میں جکڑے گئے اور یہ عمل جس کا آغاز سولہویں صدی عیسوی سے ہوا، اٹھارہویں اور انیسویں صدی عیسوی میں عالمِ اسلام کے دائیں بازو کی حد تک اپنے عروج (Zenith) کو پہنچ گیا۔

اس اثناء میں دولتِ عثمانی بھی اپنے شباب کے دور سے گزر آئی تھی اور اب اس نے بھی 'مردِ بیمار' کی حیثیت اختیار کر لی تھی۔ گویا عالمِ اسلام کے قلب میں آٹھ صدیوں کے بعد پھر وہی قوت کا خلا پیدا ہو گیا جو گیارہویں صدی عیسوی میں دولتِ عباسیہ کے اضمحلال کے باعث پیدا ہوا تھا۔ اور قوت کے دباؤ کی اس کمی کے باعث مغربی استعمار کا رخ عالمِ اسلام کے قلب کی جانب مڑ گیا اور گویا اس کے اعتبار سے بھی "وعدالآخرۃ" کا وقت آپہنچا۔

عالمِ اسلام کے قلب پر اللہ تعالیٰ کے عذاب کے اس دوسرے دور کا آغاز بیسویں صدی کے شروع میں ہو گیا تھا۔ چنانچہ پہلی عالمگیر جنگ کے خاتمے پر جب دنیا کا نیا نقشہ سامنے آیا تو معلوم ہوا کہ عظیم دولتِ عثمانیہ سمٹ سمٹا کر ایشیائے کوچک میں محدود ہو گئی اور شمالی افریقہ سمیت پورا عالمِ عرب چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں منقسم ہو

کر مختلف یورپی اقوام کے براہِ راست زیرِ نگیں ہو گیا یا بالواسطہ محکومی میں آگیا اور ہوبہو وہی کیفیت پیدا ہو گئی جس کی خبر مخبرِ صادق صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الفاظ میں دی تھی کہ '' ایک زمانہ آئے گا کہ اقوامِ عالم ایک دوسرے کو تم پر ٹوٹ پڑنے کی اس طرح دعوت دیں گی جیسے کسی دعوتِ طعام کا اہتمام کرنے والا دسترخوان چُنے جانے پر مہمانوں کو بلایا کرتا ہے''۔

اس طرح بحیثیت مجموعی امتِ مسلمہ پر اللہ تعالیٰ کے عذاب کے دورِ ثانی کی تکمیل اس صدی کے ربعِ اول میں ہو گئی تھی جب کہ پورا عالمِ اسلام مغربی استعمار کے ناپاک شکنجے میں جکڑا گیا۔ اگرچہ خاص اُمیّین کے حق میں وعد الآخرۃ کی وہ مکمل صورت جو {لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ وَ لِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ لِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا}(۱) کے الفاظ میں بیان ہوئی تھی تقریباً نصف صدی بعد ۱۹۶۷ء میں ظاہر ہوئی جب اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنی ایک مغضوب وملعون قوم کے ہاتھوں

(۱) سورۃ بنی اسرائیل آیت ۷: ''تو پھر جب آیا وقت دوسرے وعدے کا (تو مسلط کئے تم پر وہ لوگ) تاکہ جلیہ بگاڑ دیں تمہارا اور گھس جائیں مسجد (اقصیٰ) میں جیسے کہ گھسے تھے پہلی بار اور تباہ وبرباد کر دیں جس پر بھی قابو پائیں۔''

ایک شرمناک اور ذلت آمیز شکست دلوائی اور عربوں کے عہدِ تولیت کے دوران ایک بار پھر مسجدِ اقصیٰ(۱) کی حرمت پامال ہوئی اور بیت المقدس ان کے ہاتھوں سے نکل کر یہود کے قبضے میں چلا گیا اور اللہ ہی بہتر جانتا ہے کہ اس بار یہ قبضہ کتنا طویل ہو گا۔

اس داستان کا الم ناک ترین باب یہ ہے کہ مغربی استعمار نے امت مسلمہ کی وحدتِ ملی کو پارہ پارہ کر دیا اور اس صدی کے آغاز ہی میں نسلی اور علاقائی عصبیتوں کے وہ بیج مسلمان اقوام کے دلوں میں بو دیئے جو ابھی تک برگ وبار لا رہے ہیں۔ چنانچہ پہلے انہوں نے عربوں کو ترکوں کے خلاف ابھارا۔ نتیجۃً عالمِ اسلام کا قلب دو لخت ہو گیا۔ اور وحدتِ ملی کے علامتی ادارے (Symbol) یعنی خلافت کا بھی خاتمہ ہو گیا۔ پھر عالمِ عرب کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں

(۱) یہ ایک عجیب تاریخی حقیقت ہے کہ روئے ارضی کے دو قبلوں میں سے بے حرمتی اور پامالی کا معاملہ چاروں مرتبہ مسجد اقصیٰ ہی کے ساتھ ہوا جسے غلطی سے قبلۂ اول کہہ دیا جاتا ہے۔ واضح رہنا چاہئے کہ قبلۂ اول بیت اللہ اور مسجد حرام ہے بفحوائے الفاظ قرآنی {اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ} اور اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا جو خاص معاملہ رہا ہے وہ واقعۂ فیل سے ظاہر ہے۔ اور راقم کو تو یہی حکمت نظر آتی ہے اس میں کہ مسلمانوں کے سیاسی مرکز کو رفتہ رفتہ اس قبلۂ اول سے دور سے دور تر کیا جاتا رہا تاکہ اس امت کو بھی جب عذابِ الٰہی سے واسطہ پڑے تو اس کے ساتھ خانہ کعبہ کی حرمت بھی مجروح نہ ہو۔ چنانچہ خلافتِ راشدہ ہی کے اواخر میں مرکزِ عالمِ اسلام مدینہ منورہ سے کوفہ منتقل ہو گیا۔ پھر وہاں سے بھی دمشق اور بغداد کی جانب نقلِ

مکانی ہوئی اور بالآخر انتہائی شمال یعنی قسطنطنیہ کو عالمِ اسلام کے 'دارالخلافہ' کی حیثیتحاصل ہو گئی۔ اس طرح بیت اللہ کم ازکم اغیار واعداء کی دست بُرد سے ہمیشہ محفوظ رہا۔ (یہ علیحدہ بات ہے کہ اس کے تقدس پر دو ایک مرتبہ خود ان لوگوں کے ہاتھوں کسی قدر آنچ آئی جو اپنے آپ کو مسلمان کہلواتے تھے!)

میں اس طرح تقسیم کیا کہ نسلی اور لسانی اشتراک کے باوجود عالمِ عرب کے کامل اتحاد کا امکان تا حال دور دور تک نظر نہیں آتا۔

اسی نسلی تعصب کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ کے اِس عذاب کا مزہ بھی امتِ مسلمہ کو چکھنا پڑا جو قرآن مجید میں ان الفاظ میں بیان ہوا ہے کہ {اَوۡ یَلۡبِسَکُمۡ شِیَعًا وَّیُذِیۡقَ بَعۡضَکُمۡ بَاۡسَ بَعۡضٍ} (سورۃ الانعام ٦٥) یعنی تمہیں گروہوں میں تقسیم کر دے اور پھر چکھائے ایک کو دوسرے کی جنگی قوت کا مزہ! چنانچہ اس صدی کے آغاز میں عربوں کے ہاتھوں ترکوں کا خون بہا اور پھر ۱۹۷۱ء میں بنگالی مسلمان کے ہاتھوں غیر بنگالی مسلمان کے خون کی ہولی اور جان ومال اور عزت وآبرو کی دھجیاں بکھرنے کا منظر چشمِ فلک نے دیکھا۔ فاعتبروا یا اولی الابصار۔

بہرحال ہمارے نزدیک اُمِّیّٖن کے لئے ۱۹۶۷ء کی ذلت اور اٰخَرِین کے ایک اہم حصے کے لئے ۱۹۷۱ء کی رسوائی کو امتِ مسلمہ کے زوال وانحطاط کی آخری حد کی حیثیت حاصل ہے اور اگرچہ {وَ اِنۡ عُدۡتُمۡ عُدۡنَا} (۱) کی مستقل وعید اب بھی موجود ہے۔ تاہم کیا عجب کہ اب {عَسٰی رَبُّکُمۡ اَنۡ یَّرۡحَمَکُمۡ ۚ} ہی کی شان کا ظہور ہو اور کلنک کا کوئی اور ٹیکہ امتِ محمد علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کی پیشانی پر نہ لگے، اگرچہ اس کا تمام تر دارومدار امت کی اپنی اصلاح پر ہے (۲) بقول جگر مرادآبادی مرحوم ؎

چمن کے مالی اگر بنا لیں مواقف اپنا شعار اب بھی
چمن میں آسکتی ہے پلٹ کر چمن سے روٹھی بہار اب بھی

---

(۱) سورۃ بنی اسرائیل آیت ۸: ''بعید نہیں کہ تمہارا رب تم پر رحم فرمائے لیکن اگر تم نے پھر وہی کچھ کیا تو ہم بھی دوبارہ وہی کچھ کریں گے''
(۲) افسوس کہ یہ امید صحیح ثابت نہیں ہوئی (۱۹۹۱ء)

-

موجودہ احیائی مساعی کا اجمالی جائزہ

اور تنظیمِ اسلامی کا محل ومقام

جہاں تک تجدیدی مساعی کا تعلق ہے واقعہ یہ ہے کہ تاریخ اسلام کا کوئی دور بھی ان سے بالکل خالی نہیں رہا اور ہر زمانے اور ہر ملک میں ایسے اولوالعزم لوگ پیدا ہوتے رہے جنہوں نے اپنے حالات کے تقاضوں کے مطابق اصلاحی اور تجدیدی کارنامے سرانجام دیئے۔ لیکن بیسویں صدی عیسوی سے قبل کی ایسی تمام کوششوں کے بارے میں ایک اصولی بات پیش نظر رہنی چاہیئے اور وہ یہ کہ ان کی اصل نوعیت 'احیاءِ دین' کی نہیں بلکہ حفاظت ومدافعتِ دین کی تھی۔ اس لئے کہ ابھی اسلام کا قصرِ عظیم بالکل زمین بوس نہیں ہوا تھا اور خواہ دین کی حقیقی روح کتنی ہی مضمحل (۱) اور پژمردہ (۲)

ہو چکی ہو بہرحال اسلام نے جو تہذیبی اور عمرانی نظام دنیا میں قائم کیا تھا اس کا ڈھانچہ برقرار (Intact) تھا حتیٰ کہ شریعتِ اسلامی تمام مسلمان ممالک میں بالفعل نافذ تھی۔ چنانچہ تمام تجدیدی مساعی کا اصل ہدف یہ رہا کہ دین کا نظامِ عقائد واعمال محفوظ اور اپنی اصل صورت میں قائم رہے اور خارجی وبیرونی اثرات دین کو مسخ نہ کر دیں۔

یہی وجہ ہے کہ امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے دور تک کے تمام مجددینِ امت علیہم الرحمۃ کی مساعی اکثر وبیشتر علم وفکر کے میدان ہی تک محدود رہیں اور عقائد ونظریات کی تصحیح واصلاح ہی کو ان کے اصل ہدف کی حیثیت حاصل رہی۔ اور اس سے آگے اگر قدم بڑھا بھی تو زیادہ سے زیادہ اصلاحِ اخلاق واعمال، تزکیہ نفس اور تربیتِ روحانی تک۔ اس سے آگے بڑھ کر گزشتہ صدی سے قبل کسی بھی مجددِ دین کی مساعی نے سیاسی یا عسکری تحریک

---

(۱) نڈھال (۲) افسردہ

کی صورت اختیار نہیں کی۔(۱)

یہی وجہ ہے کہ بعض لوگوں کو سابق مجددین کا تجدیدی کام ''جزوی'' نظر آتا ہے اور انہیں حیرت ہوتی ہے کہ امتِ مسلمہ کی چودہ سو سالہ تاریخ میں کوئی ایک بھی ''مجددِ کامل'' پیدا نہیں ہوا۔

حالانکہ بات بالکل واضح اور سیدھی ہے کہ ابھی عمارت بالکل منہدم ہوئی ہی نہ تھی کہ بالکل نئی تعمیر کی حاجت ہوتی بلکہ صرف شکستہ اور بوسیدہ ہوئی تھی اور ضرورت ہی صرف جزوی اصلاح واستحکام کی تھی۔

یہ تو، جیسا کہ ہم مفصل عرض کر چکے ہیں اس بیسویں صدی کے آغاز میں ہوا کہ ملتِ اسلامی کا بوسیدہ قصر گویا دفعۃً زمین پر آرہا اور اسلام اور مسلمان دونوں اپنے زوال وانحطاط کی آخری حدوں کو پہنچ گئے اور ایک طرف کروڑوں کی تعداد میں ہونے کے باوجود مسلمانوں کی حالت حدیثِ نبویؐ کے الفاظ کے مطابق غثاء السیبل یعنی سیلاب کے جھاگ سے زیادہ نہ رہی اور دوسری طرف اسلام اور قرآن دونوں بھی آنحضور ﷺ کے الفاظ کے مطابق اس حال کو پہنچ گئے کہ لَایَبْقٰی مِنَ الْاِسْلَامِ اِلَّا اسْمُہٗ وَلَایَبْقٰی _____ (۱) اس کا ایک اہم سبب یہ تھا کہ نبی اکرم ﷺ نے مسلمان حکمرانوں کے خلاف ''خروج'' یعنی مسلح بغاوت پر نہایت سخت بندشیں عائد فرما دی تھیں اور جب تک ان کے ہاتھوں شریعتِ اسلامی کا نفاذ ہو رہا تھا اور کسی ''کفرِ بواح'' یعنی کھلے اور صریح کفر کی ترویج وتنفیذ نہیں ہوتی تھی ان کے ذاتی فسق وفجور اور ظلم وجور کے باوجود ان کے خلاف مسلح بغاوت ممکن نہ تھی۔ یہی وجہ ہے کہ جیسے ہی یہ صورتحال تبدیل ہوئی اور حکومت مسلمانوں کے ہاتھوں سے نکل کر غیر مسلم اقوام کے ہاتھوں میں آئی دفعتہ ان مساعی میں عسکریت بھی پیدا ہو گئی جس کی نہایت شاندار اور تابناک مثال خانوادۂ ولی اللہی ہی کے زیر اثر برپا ہونے والی تحریک شہیدینؒ ہے۔

مِنَ الْقُرْآنِ اِلَّا رَسْمُہٗ(۱)

لہٰذا قانونِ فطرت کے عین مطابق احیاء کا ہمہ جہتی عمل شروع ہو گیا۔

اس احیائی عمل کے بارے میں بھی بعض بنیادی حقائق ذہن نشین رہنے چاہئیں مثلاً ایک یہ کہ یہ کوئی سادہ اور بسیط عمل نہیں ہے بلکہ اس کے متعدد گوشے ہیں، جن میں سے ہر ایک میں اولوالعزم افراد اور جماعتیں برسرکار ہیں اور جو بظاہر ایک دوسرے سے جدا اور مختلف بلکہ بعض پہلوؤں کے اعتبار سے متضاد ہونے کے باوجود اس وسیع تر احیائی عمل کے اعتبار سے ایک دوسرے کے لئے باعثِ تقویت ہیں۔ دوسرے یہ کہ اسلام کی نشاۃِ ثانیہ اور ملت اسلامی کی تجدید کا یہ کام دس بیس برس میں مکمل ہونے والا نہیں ہے بلکہ {لَتَرْکَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ﴿ ۱۹ ﴾} (۲)

کے مصداق درجہ بدرجہ بہت سے مراتب ومراحل سے گزر کر ہی پایۂ تکمیل کو پہنچے گا، لہٰذا اس ارتقائی عمل کا ہر درجہ اپنی جگہ اہمیت کا حامل ہے اور چاہے بعد کے مراحل سے گزر کر پہلوں کا کام بہت حقیر بلکہ کسی قدر غلط بھی نظر آئے، اپنے اپنے دور کے اعتبار سے اس کی اہمیت ووقعت سے بالکلیہ انکار ممکن نہیں۔ تیسرے یہ کہ اس ہمہ گیر تجدیدی جدوجہد میں اگرچہ افراد کی اہمیت اپنی جگہ مسلّم ہے(۳)

تاہم جماعتوں اور تنظیموں کے مقابلے میں کم تر ہے۔ پھر جماعتیں بھی تحریکوں کی وسعت میں گم ہو جاتی

ہیں اور بالآخر تمام تحریکیں بھی اس وسیع احیائی عمل کی پہنائیوں میں گم ہو جاتی ہیں جو ان سب کو محیط ہے۔
ماضی میں ان حقائق کے پیش نظر نہ رہنے کے باعث بہت سے

---

(۱) ''ایک زمانہ وہ آئے گا کہ اسلام میں سے سوائے اس کے نام کے کچھ باقی نہ رہے گا اور قرآن میں سے بھی سوائے اس کے رسم الخط کے اور کچھ نہ بچے گا۔'' (مشکوٰۃ شریف، کتاب العلم)
(۲) سورۃ الانشقاق آیت ۱۹: ''تم لازماً چڑھو گے سیڑھی بہ سیڑھی''
(۳) افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارا (اقبالؔ)

لوگوں کے دلوں میں ''مہدیٔ موعود'' یا ''مجددِ کامل'' بننے کا شوق پیدا ہوتا رہا ہے جس کے نتیجے میں طرح طرح کے فتنے اٹھتے رہے ہیں اور اچھی بھلی تعمیری کوششوں کا رخ تخریب کی جانب مڑ جاتا رہا ہے!

اس احیائی عمل کا اولین مرحلہ مسلمان اقوام کا مغربی استعمار کے براہ راست تسلط سے نجات کا حصول تھا جو بحمدللہ گزشتہ تیس چالیس سال کے دوران تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ اور اگرچہ اب بھی ہم مغرب کی علمی وفکری اور تہذیبی وثقافتی غلامی میں مبتلا ہیں اور اقوامِ مغرب کی سائنسی وتکنیکی بالادستی کے باعث بہت سے پہلوؤں سے ان کے دست نگر بھی ہیں، تاہم خدا کا شکر ہے کہ ایک قضیۂ فلسطین سے قطع نظر اور صرف کشمیر اور اریٹیریا کے علاوہ پورے کرۂ ارضی پر مسلم اکثریت کا کوئی علاقہ براہِ راست غلامی ومحکومی کی لعنت میں گرفتار نہیں رہا۔(۱)

خالص اصولی ونظریاتی اور تصوریت پسندانہ (Idealistic) نقطۂ نظر سے تو ''مسلمان اقوام'' کی اصطلاح ہی قطعاً غلط ہے۔ اس لئے کہ ازروئے قرآن وحدیث مسلمانوں کی حیثیت ایک جماعت یا امت یا حزب کی ہے نہ کہ قوم کی۔ اور وہ ایک ناقابلِ تقسیم 'وحدتِ ملی' میں منسلک ہیں جس میں تعدد وتکثر کا امکان ہی موجود نہیں کہ اقوام کا لفظ صحیح قرار دیا جا سکے۔ لیکن واقعیت پسندانہ (Realistic) نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو حقیقت یہ ہے کہ مسلمانوں نے ایک جماعت یا امت یا حزب کا کردار (Role) تو بہت پہلے ترک کر دیا تھا اور بالفعل ایک قوم ہی کی حیثیت اختیار کر لی تھی۔ البتہ وحدتِ ملی کا تصور اس صدی کے آغاز تک برقرار تھا۔ لیکن جیسا کہ ہم پہلے عرض کر چکے ہیں، اس بیسویں صدی کے رُبع اول کے دوران مغربی استعمار کے ہتھکنڈوں نے اسے بھی ختم کر کے رکھ دیا تھا اور اس وقت فی الواقع روئے ارضی پر کوئی ایک 'امتِ مسلمہ' آباد نہیں ہے بلکہ بہت سی مسلمان اقوام آباد ہیں۔

اسی طرح خالص تصوریت پسندانہ نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو ع ''نشۂ مے کو تعلق نہیں
_____ (۱) افغانستان اور عراق بھی اب امریکی حملے کی وجہ سے خودمختاری کھو چکے
ہیں۔

بیمانے سے'' کے مصداق مسلمانوں کی آزادی اور خود مختاری کا احیائے اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ لیکن واقعیت پسندانہ نگاہ سے دیکھئے تو مستقبل کے بارے میں تو کچھ نہیں کہا جا سکتا، ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے دین کی علمبرداری کی سعادت کسی بالکل ہی نئی قوم کے حوالے فرما دے اور {یَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ} کی شان دوبارہ ظاہر ہو۔ لیکن بحالاتِ موجود تو ع
''کہیں ممکن ہے کہ ساقی نہ رہے، جام رہے''

کے مصداق اسلام کا مستقبل موجودہ مسلمان اقوام ہی کے ساتھ وابستہ ہے۔ اور دونوں باہم لازم وملزوم کی حیثیت رکھتے ہیں۔

اندریں حالات، مسلمان اقوام کا آزادی وخود اختیاری کی نعمت سے ہمکنار ہونا یقینا احیائے اسلام ہی کے سلسلے کی ایک کڑی ہے اور جن تحریکوں کے ذریعے یہ مشکل مرحلہ سر ہوا ہے ان کی سعی بھی اسلام کی نشاۃِ ثانیہ ہی کی جدوجہد کا جزو قرار پائے گی۔ رہا یہ شبہ کہ ان میں سے اکثر کے قائدین اور زعماء کا دین ومذہب کے ساتھ کوئی واقعی اور عملی تعلق نہ تھا تو اسی کا جواب ہے نبی اکرم ﷺ کے ان الفاظ مبارکہ میں کہ اِنَّ اللّٰہَ یُؤَیِّدُ الدِّیْنَ بِالرَّجُلِ الْفَاجِرِ (بخاری: کتاب الجہاد) واقعہ یہ ہے کہ اللہ کے کام بہت نرالے ہیں اور اس کی تدبیریں بہت لطیف اور مخفی اور اس کے منصوبے بہت طویل الذیل اور وسیع الاطراف ہوتے ہیں اور وہ بسا اوقات فساق وفجار سے اپنے دین کی خدمت لے لیتا ہے۔ {وَ اللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ وَ لٰکِنَّ اَکْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ} (یوسف:21)

اس ضمن میں ایک اور حقیقت بھی پیش نظر رہنی چاہئے کہ اگرچہ مختلف مسلمان ممالک میں حصولِ آزادی کی تحریکوں کی تقویت کے لئے جن علاقائی یا نسلی عصبیتوں کو استعمال (Invoke) کیا گیا، انہیں بھی خاص اصولی اور نظری اعتبار سے اسلام کے نظامِ فکر کے ساتھ سوائے تباین وتضاد(۱) کے کوئی نسبت حاصل نہیں ہے، لیکن عالمِ واقعہ میں اس کے سوائے کوئی چارہ کار موجود نہ تھا۔ اس لئے کہ اسلام کے ساتھ مسلمانوں کا ذہنی وقلبی رشتہ اتنا قوی نہ رہا تھا کہ اسے کسی جاندار

---

(۱) فرق واختلاف

اور فعال تحریک کی اساس بنایا جا سکتا اور حصولِ استقلال کے لئے جس مؤثر مزاحمت (Effective Resistance) کی ضرورت ہوتی ہے اس کی بنیاد خیالی یا جذباتی نہیں بلکہ حقیقی اور واقعی اساسات (Concrete Ground) ہی پر رکھی جا سکتی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ اگر ترک نیشنلزم کا جذبہ فوری طور پر بیدار نہ ہو گیا ہوتا تو شاید آج ترکی کا نام و نشان بھی صفحۂ ارضی پر موجود نہ ہوتا۔ اسی طرح اسلام سے جتنا کچھ حقیقی اور واقعی تعلق اس وقت مسلمانانِ عرب کو ہے وہ کسے معلوم نہیں، اندریں حالات عرب نیشنلزم ہی یورپی سامراج کے چنگل سے نکلنے کی جدوجہد کے لئے واحد موجود (The Only Available) بنیاد بن سکتا تھا اور ایک وقتی ضرورت اور دفاعی تدبیر کی حد تک اس کے استعمال میں کوئی قباحت بھی نہیں ہے، بشرطیکہ اسے نظامِ فکر کی مستقل اساس کے طور پر قبول نہ کر لیا جائے اور حصولِ آزادی کے عبوری مقصد کی تکمیل کے بعد صحیح اسلامی فکر اور وحدتِ ملی کے شعور و احساس کو اجاگر کیا جائے۔

اس پس منظر میں دیکھئے تو تحریکِ پاکستان کا معاملہ بالکل منفرد نظر آتا ہے۔ برصغیر کے مسلمان بھی اگر برطانوی استعمار سے نجات حاصل کرنے کے لئے ہندی قومیت کی اساس پر غیر مسلموں کے ساتھ اشتراکِ عمل کرتے تو اس کے لئے بھی وجہ جواز موجود تھی۔(۱)

لیکن یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و کرم ہے کہ یہاں کے مخصوص حالات کے باعث مسلمانانِ ہند نے اپنی سیاسی جدوجہد کا آغاز ہی ''مسلم قومیت'' کی اساس پر کیا جس کے نتیجے میں وہ ملک وجود میں آیا جو حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی طرح جو اپنا نام ''سلمان ابن اسلام'' بتایا کرتے تھے، صرف اور صرف 'فرزندِ اسلام' قرار دیا جا سکتا ہے اور جس کے قیام اور بقا کے لئے کوئی وجہ جواز سوائے اسلام کے موجود نہیں ہے۔ گویا پاکستان ع

''خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمی ؐ''

---

(۱) چنانچہ جمعیت علمائے ہند کی سیاسی جدوجہد اسی اصول پر مبنی تھی، بلکہ مولانا حسین احمد مدنی ؒ نے اپنی خودنوشت سوانح 'نقشِ حیات' میں تو ثابت کیا ہے کہ خود مجاہدِ کبیر حضرت سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ مسلمانانِ پنجاب کو 'سکھا شاہی' سے نجات دلانے کے بعد اسی اساس پر انگریزوں کے خلاف تحریک چلانے کا ارادہ رکھتے تھے۔

اپنی پیدائش (Genesis) اور ہیئت ترکیبی کے اعتبار سے تمام مسلمان ممالک سے ایک قدم آگے ہے اور دوسروں کو ع ''قبائل ہوں ملت کی وحدت میں گم'' کا جو کٹھن مرحلہ ابھی طے کرنا ہے وہ کم از کم اصولی اور نظری اعتبار سے یہاں پہلے ہی سے طے شدہ ہے۔

مسلمانانِ ہند کی سیاسی جدوجہد کو اس رخ پر ڈالنے والے اسباب وعوامل میں سلبی ومنفی طور پر سب سے زیادہ دخل ہندوؤں کی روایتی تنگ نظری اور تنگ دلی اور اس سے بھی بڑھ کر مسلمانوں سے اپنی ''ہزار سالہ شکست کا انتقام'' لینے کے اس جذبے کو حاصل ہے جو ان کے سینوں میں کھولتے ہوئے لاوے کی طرح پک رہا تھا۔ اس اعتبار سے دیکھا جائے تو گویا ان کا یہ طرزِ عمل بھی اسلام کی نشاۃِ ثانیہ کے لئے ممد ومعاون بن گیا اور ہم اپنے سابق ابنائے وطن کی خدمت میں بجا طور پر عرض کر سکتے ہیں کہ ؎

تو نے اچھا ہی کیا دوست سہارا نہ دیا
مجھ کو لغزش کی ضرورت تھی سنبھلنے کے لئے

مثبت اسباب کے ضمن میں ایک تو یہ حقیقت پیش نظر رہنی چاہئے کہ مسلمانانِ ہند کے دلوں میں پہلے بھی جذبہ ملی باقی تمام دنیا کے مسلمانوں سے زیادہ تھا۔ جس کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ تنسیخِ خلافت (Abolition of Caliphate) پر جس قدر شدید ردعمل یہاں ظاہر ہوا اس کا عُشرِ عشیر بھی کہیں اور نہیں ہوا۔ حتیٰ کہ ایک وقت تھا کہ برصغیر کے ہندوؤں اور مسلمانوں سب کی مشترک سیاسی جدوجہد کا عنوان ہی 'تحریک خلافت' بن گئی تھی۔ اور دوسرے یہ کہ اس خطے میں علامہ اقبال مرحوم ایسی عظیم شخصیت پیدا ہوئی جس کی انتہائی پُر درد وپُرتاثیر حُدی خوانی نے قافلۂ ملی کو خوابِ غفلت سے بیدار کر دیا اور مسلمانانِ ہند کو جذبۂ ملی سے سرشار کر دیا۔ حقیقت یہ ہے کہ یہ پوری امتِ مسلمہ پر علامہ مرحوم کا ایک بہت بڑا احسان ہے اور بلاشبہ ان کی ملی شاعری کو اسلام کی نشاۃِ ثانیہ اور تجدید واحیائے دین کی وسیع الاطراف جدوجہد میں ایک اہم مقام حاصل ہے۔

اور اس پس منظر (Context) میں دیکھا جائے تو عالمی اسلامی سربراہی کانفرنس کا پاکستان اور خاص طور پر اس شہر لاہور میں انعقاد بہت معنی (۱)
خیز ہے، جہاں قریباً ثلث صدی قبل قرارداد پاکستان بھی منظور ہوئی تھی اور جہاں دور حاضر میں قافلۂ ملتِ اسلامیہ کا وہ سب سے بڑا حدی خواں بھی مدفون ہے جو آخری دم تک یہ صدا لگاتا رہا کہ ؎

بیا تا کارِ ایں امت بسازیم
قمارِ زندگی مردانہ بازیم

چناں نالیم اندر مسجدِ شہر
دِلے در سینۂ ملا گدازیم
(۲)

اس ہمہ جہتی احیائی عمل کا دوسرا اہم گوشہ وہ ہے جس میں علمائے کرام کی مختلف جماعتیں اور تنظیمیں سرگرم کار اور اپنے اپنے مخصوص انداز میں اسلام اور مسلمانوں کی خدمت میں مصروف و مشغول ہیں۔

اور واقعہ یہ ہے کہ اس پہلو سے بھی برصغیر ہندوپاک کو پورے عالمِ اسلام میں ایک امتیازی مقام حاصل ہے چنانچہ علماء دین کو جس قدر اثر (Hold) یہاں کے مسلمان عوام پر حاصل ہے وہ دنیا میں کہیں اور نظر نہیں آتا اور راسخ العقیدہ اسلام (Orthodox Islam) جتنی مضبوط جڑیں یہاں رکھتا ہے کہیں اور نہیں رکھتا۔ (۳)

حتیٰ کہ جزیرہ نمائے عرب بھی، جہاں اس صدی کے وسط تک محمد ابن عبدالوہاب رحمۃ اللہ علیہ کی تجدیدی مساعی کے گہرے اثرات قائم رہے ہیں اب اس معاملے میں بہت پیچھے رہ گیا ہے۔

---

(۱) خیال رہے کہ یہ مضمون اکتوبر ۷۴ء میں لکھا گیا تھا۔

(۲) آؤ کہ ہم مل کر امت کے معاملے کو سنواریں۔ زندگی کا جوا مردانہ انداز میں کھیلیں! آؤ کہ ہم شہر کی جامع مسجد میں اس انداز سے نالہ وفریاد کریں۔ کہ ملا کے سینے میں دل میں گداز پیدا کر سکیں۔

(۳) ۶۰ء میں جو ایجی ٹیشن ڈاکٹر فضل الرحمن صاحب کی کتاب "Islam" کے خلاف ہوا تھا اور اب جو تازہ 'معجزہ' قادیانی مسئلے کے حل کی صورت میں صادر ہوا ہے وہ اس کے منہ بولتے ثبوت ہیں۔

اس کی وجہ بھی بادنیٰ تامل سمجھ میں آجاتی ہے اور وہ یہ کہ امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی ؒ ایسی جامع شخصیت گزشتہ تین سو سالوں کے دوران میں پورے عالمِ اسلام میں پیدا نہیں ہوئی اور انہوں نے مسلمانوں کی توجہ علمِ دین کے اصل سرچشموں یعنی قرآن اور حدیث کی جانب منعطف (۱) کرانے کے ساتھ ساتھ فکرِ اسلامی کی تدوینِ نو کا جو عظیم الشان کارنامہ سرانجام دیا اسی کا نتیجہ ہے کہ یہاں دین اور رجال دین کی ساکھ از سرنو مضبوط ہو گئی۔

اس ضمن میں یہ حقیقت بھی پیش نظر رکھنی چاہئے کہ علماء دین کی مساعی میں اصل زور (Emphasis) دور حاضر میں اسلام کی نشاۃِ ثانیہ اور تجدید واحیائے دین کے تقاضوں کو پورا کرنے کے بجائے دین کے نظامِ عقائد واعمال کی حفاظت ومدافعت ہی پر ہے۔ اس طرح گویا ظاہری اعتبار سے ان کی خدمات کو سابق

مجددینِ اسلام کی مساعی کیساتھ ایک نوع کے تسلسل کی نسبت حاصل ہے۔ اگرچہ حقیقت کے اعتبار سے بعض اہم فرق بھی ہیں۔ مثلاً ایک یہ کہ جب سے اجتہاد کا دروازہ بند ہوا اور تقلیدِ جامد کا دور دورہ ہوا اور تشتّت (۲)

وانتشار اور فرقہ پرستی وگروہ بندی نے پاؤں جمالئے، ہر فرقے کے علماءِ کرام دین کے نظامِ عقائد واعمال کی خاص اسی صورت کی حفاظت ومدافعت پر سارازور صرف کر رہے ہیں جو ان کے مخصوص فرقے یا گروہ کے نزدیک معتبر ومستند ہے، جس سے فرقہ بندی کی جڑیں مضبوط تر ہوتی چلی جا رہی ہیں۔ دوسرے چونکہ انہوں نے علومِ جدیدہ اور دورِ حاضر کے افکار ونظریات کا مطالعہ اس طرح براہِ راست اور بالاستیعاب (۳)

نہیں کیا جس طرح اپنے اپنے دور میں امام غزالی اور امام ابن تیمیہ رحمہما للہ نے کیا تھا لہٰذا وہ دورِ حاضر میں حفاظت ومدافعتِ دین کے اصل تقاضوں کو بھی صحیح طور پر پورا کرنے سے قاصر ہیں۔

لہٰذا دور حاضر میں علماء دین کی حیثیت دین کے جہاز کو آگے بڑھانے والی قوت فراہم کرنے والے انجن کی تو نہیں ہے البتہ کم ازکم برصغیر پاک وہند کی حدتک ایک ایسے بھاری لنگر کی ضرور ہے جو اس کشتی کو غلط رخ پر بڑھنے سے روکنے کی خدمت بہرحال سرانجام _____ (۱) متوجہ (۲) گروہ بندی (۳) کسی مضمون یا کتاب کو شروع سے آخر تک اچھی طرح پڑھنا

دے سکتا ہے۔ اور فی زمانہ یہ بھی ایک اہم خدمت ہے۔

برصغیر میں اس سلسلے میں ایک اہم مقام اور مرتبہ دیوبندی مکتب فکر کو حاصل ہے جو امام الہند حضرت شاہ ولی اللہ دہلویؒ کے 'فکر' کا نہ سہی 'علم' کا وارث ضرور ہے۔ اور جس کی کوکھ سے دینی مدرسوں اور دارالعلوموں کے ایک عظیم سلسلے کے علاوہ ایک عظیم تحریک بھی برآمد ہوئی ہے جس نے راسخ العقیدہ اسلام کی جڑوں کی آبیاری کے ساتھ ساتھ توجہات کو حقائقِ ایمانی پر مرتکز (Focus) کر دیا اور جس کے زیر اثر کم ازکم ایسے لوگ ضرور دین سے قریب ہو رہے ہیں جن کے اذہان فکری ونظری اشکالات سے خالی ہوتے ہیں اور جن کے قلوب میں نیکی کا ایک جذبہ خواہ نیم خوابیدہ حالت ہی میں سہی بہرحال موجود ضرور ہوتا ہے۔ ہماری مراد جماعتِ تبلیغی سے ہے جس نے اس دور میں دین ومذہب کے نام پر ایک عظیم حرکت عالمِ اسلام ہی نہیں دیارِ غیر میں بھی برپا کر دی ہے اور جس کے زیر اثر عوامی سطح ہی پر سہی بہرحال 'تجدیدِ ایمان' کی ایک تحریک بالفعل برپا ہو گئی ہے اور جسے بلاشبہ زیر بحث 'ہمہ جہتی احیائی عمل' میں ایک اہم مقام حاصل ہے۔

اس 'ہمہ جہتی احیائی عمل' کا تیسرا اور اہم ترین گوشہ وہ ہے جس میں وہ جماعتیں اور تنظیمیں برسرکار ہیں جو قائم ہی خالص احیائی مقاصد کے تحت ہوئیں اور جنہیں اب اس احیائی عمل کے اعتبار سے گویا مقدمۃ الجیش کی

حیثیت حاصل ہے۔ مختلف مسلمان ممالک میں ایسی جماعتیں اور تنظیمیں مختلف ناموں کے تحت کام کرتی رہی ہیں لیکن سے ''ہے ایک ہی جذبہ کہیں واضح کہیں مبہم'' اور ''ہے ایک ہی نغمہ کہیں اونچا کہیں مدھم'' کے مصداق ان کی حیثیت ایک ہی تحریک کے تحت کام کرنے والی مختلف تنظیمی ہیئتوں کی ہے۔

ان جماعتوں میں سے اگرچہ ایک دور میں جوش اور جذبے کی شدت اور اثرونفوذ کی وسعت کے اعتبار سے مصر کی 'الاخوان المسلمون' توجہات اور امیدوں کا مرکز بن گئی تھی۔

لیکن واقعہ یہ ہے کہ احیائی عمل کے اس گوشے میں بھی اصل اہمیت برصغیر ہندوپاک ہی کو حاصل ہے۔

برصغیر میں اس تحریکِ احیائے دین کے مؤسس اولین اور داعئ اول کی حیثیت مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم کو حاصل ہے جنہوں نے اس صدی کے بالکل اوائل میں 'الہلال' اور 'البلاغ' کے ذریعے ''حکومت الہٰیہ'' کے قیام اور اس کے لئے ایک ''حزب اللہ'' کی تاسیس کی پُرزور دعوت پیش کی۔ مولانا کے مخصوص طرزِ نگارش (۱) اور اندازِ خطابت نے خصوصاً تحریکِ خلافت کے دوران میں ان کی شہرت کو برصغیر کے طول وعرض میں پھیلایا اور ان کی دعوت نے لاکھوں مسلمانوں کے دلوں کو مسخر کر لیا۔ لیکن اس کے بعد خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ کس سبب سے انہوں نے اس عظیم مشن کو خیرباد کہہ کر انڈین نیشنل کانگریس میں شمولیت اختیار کر لی اور باقی پوری زندگی پوری یکسوئی اور کمال مستقل مزاجی کے ساتھ ہندوستان کی نیشنلسٹ سیاست کی نذر کر دی۔

مولانا کی زندگی کے اس عظیم انقلاب کے ممکن اسباب میں ان کی حد سے بڑھی ہوئی ذہانت کو بھی شمار کیا جا سکتا ہے کہ ع

''اے روشنئ طبع تو برمن بلاشدی!''

(۲)

مولانا بلاشبہ عبقری تھے اور عبقری انسان زیادہ عملی نہیں ہوا کرتے۔ اس کا کچھ سراغ ان کے اس جملے میں بھی ملتا ہے کہ ''ہم بیک وقت گلیمِ زہد (۳) اور ردائے رندی (۴) اوڑھنے کے جرم کے مرتکب ہیں۔'' اور ایک خیال جو زیادہ قرینِ قیاس ہے یہ بھی ہے کہ مولانا کی حیثیت ایک سکہ بند اور مسلّم عالم دین کی نہ تھی اور اس وقت تک مسلمانانِ ہند پر علماء کی گرفت بہت مضبوط تھی لہٰذا مولانا کو گویا راستہ بند نظر آیا۔ اس کی تائید اس روایت سے بھی ہوتی ہے جو پروفیسر یوسف سلیم چشتی صاحب کے ذریعے ہم تک پہنچی اور جس کا حاصل یہ ہے کہ آٹھ سال کے عرصے میں (۵)

اپنے پیش نظر مقصد کے لئے تمہیدی _____
(۱) طرز تحریر (۲) اے میرے مزاج تو میرے لئے مصیبت بن گیا ہے۔
(۳) زہد کی چادر (۴) آزادی کی چادر (۵) 'الہلال' کا اجراء ۱۹۱۲ء میں ہوا تھا۔

مراحل کی تکمیل کے بعد اپریل ۱۹۲۰ء میں مولانا نے دہلی میں منعقدہ جمعیت علمائے ہند کی کانفرس میں مفتی کفایت اللہ مرحوم اور مولانا احمد سعید مرحوم کے تعاون سے اگلا قدم اٹھانے کی سکیم بنائی۔ چنانچہ پہلے خود انہوں نے تقریر کی اوراپنے جوشِ خطابت سے حاضرین کے جذبہ عمل کو ابھارا ہی نہیں للکارا۔ اور پھر مولانا احمد سعید صاحب نے تقریر کی کہ حضرت شیخ الہندؒ کی رحلت کے بعد سے مسلمانانِ ہند کی قیادت کی مسند خالی ہے۔ اور اب جو مرحلہ درپیش ہے اس میں 'شیخ الہند' سے بھی بڑھ کر 'امام الہند' کی ضرورت ہے۔ اب غور کرو اور اس کے لئے کسی موزوں شخص کو تلاش کر کے اس کے ہاتھ پر بیعت کرو اور جدوجہد کا آغاز کر دو۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو کچھ اور ہی مطلوب تھا۔ چنانچہ علامۃ الہند مولانا معین الدین اجمیری اٹھے اور انہوں نے براہِ راست مولانا آزاد کو خطاب کر کے ان الفاظ سے اپنی تقریر کا آغاز کیا کہ '' ایاز قدرِ خود بشناس ! '' (۱)

جس سے بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ پوری تقریر میں کیا کچھ ہو گا۔ بہرحال اس سے دل شکستہ اور دلبرداشتہ ہو کر مولانا اس کام ہی سے دست کش ہو گئے اور اس کے فوراً بعد ہی انہوں نے کانگریس میں شمولیت اختیار کر لی۔(۲)

اس طرح مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم تو میدان چھوڑ گئے لیکن ان کی زوردار دعوت کی گھن گرج سے مسلم انڈیا کی فضائیں دیر تک گونجتی رہیں۔ اور پھر کم وبیش دس ہی سال بعد ایک باہمت نوجوان(۳)

نے مولانا کو ان کی زندگی ہی میں مرحوم قرار دے کر ان کے ترک کردہ مشن کو اختیار کرنے کے عزمِ مصمم کے ساتھ ان کی تفسیر 'ترجمان القرآن' ہی کے ہم نام ماہنامے کی ادارت سنبھالی اور اس کے ذریعے اسی 'حکومت الہٰیہ' کے قیام کا نصب العین اور ''تجدیدواحیائے دین'' کی سعی کا ایک نقشہ مسلمانانِ ہند کے سامنے پیش کرنا شروع کر دیا۔

اس نوجوان میں مولانا مرحوم کی بہ نسبت جوش کم تھا، ہوش زیادہ، ذہانت وفطانت

_____ (۱) ایاز کو اپنی حیثیت کو سامنے رکھنا چاہئے۔
(۲) اس موضوع پر تفصیلی بحث ہماری تالیف ''جماعتِ شیخ الہندؒ اور تنظیمِ اسلامی'' میں ملاحظہ فرمائیں۔
(۳) مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی، مؤسس جماعتِ اسلامی

قدرے کم تھی لیکن اسی نسبت سے محنت و مشقت کا مادہ بہت زیادہ تھا۔ لہٰذا اس نے پہلے چھ سات برس تک پورے صبر و استقلال کے ساتھ خالص انفرادی طور پر کام جاری رکھا۔ کچھ عرصہ 'دارالاسلام' کے نام سے ایک ادارے کے تحت کام کیا اور بالآخر ۱۹۴۱ء میں 'جماعت اسلامی' کے نام سے ایک جماعت کی بنیاد رکھ دی اور ایک منظم جدوجہد کا آغاز کر دیا۔

جماعت کے قیام سے قبل اس نوجوان نے پہلے انڈین نیشنل کانگریس میں شامل یا اس کے حلیف علماء کے موقف پر شدید تنقید کی اور اپنے زورِ استدلال سے ان کے طریق کار کا انجامِ کار کے اعتبار سے اسلام اور مسلمان دونوں کے حق میں سخت مضر ہونا ثابت کر دیا۔ پھر مسلمانوں کی قومی سیاست پر مدلل تنقید کی اور اسلام کے بلند ترین تصوریت پسندانہ موقف کے تقابل سے اس کا 'خلافِ اسلام' ہونا ثابت کیا اور خود اسی بلند ترین تصوریت پسندانہ سطح (Highest Idealistic Level) پر اپنی جماعت کی اساس رکھ دی۔

چنانچہ جماعت اسلامی کے اساسی موقف کا خلاصہ یہ قرار پایا کہ:

۱۔ اسلام مذہب نہیں دین ہے اور اس کی اصل حیثیت ایک کامل نظریۂ حیات اور مکمل نظامِ زندگی کی ہے جو اپنی عین فطرت کے تقاضے کے طور پر اپنا کُلّی نفاذ اور کامل غلبہ چاہتا ہے۔

۲۔ عبادت صرف مراسمِ عبودیت کا نام نہیں، بلکہ اس نظام کی کُلّی اطاعت کا نام ہے۔

۳۔ مسلمان قوم نہیں، امت مسلمہ اور حزب اللہ ہیں اور ان کی اصل حیثیت ایک نظریاتی جماعت (Idealistic Party) کی ہے جس کا اولین مقصد اپنے نظریات کے مطابق انقلاب برپا کرنا اور اپنے نظامِ زندگی کو بالفعل قائم کرنا ہے۔

۴۔ دنیا کے موجودہ غیر مسلموں کی ایک عظیم اکثریت قانوناً تو کافر ہے لیکن حقیقتاً کافر نہیں۔ اس لئے کہ ان کے سامنے اسلام کی دعوت پیش ہی نہیں کی گئی کہ ان کے انکار یا رد کر دینے کا سوال پیدا ہو۔

۵۔ اسی طرح دنیا کے موجودہ مسلمانوں کی ایک عظیم اکثریت بھی صرف 'قانونی اور نسلی' مسلمانوں پر مشتمل ہے، نہ کہ حقیقی مسلمانوں پر۔ اس لئے کہ نہ ان کے قلوب و اذہان میں اسلام کی نظریاتی و اعتقادی اساسات راسخ ہیں، نہ ان کے عمل میں اسلامی قانون کی پابندی اور شریعت کا التزام ہی پایا جاتا ہے۔

۶۔ مسلمانوں کے قومی مفادات کے تحفظ اور ان کے سیاسی حقوق کی حفاظت یا ان کی آزادی اور خود اختیاری کے حصول کی جدوجہد کا اسلام کی نشاۃِ ثانیہ یا احیائے دین سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

۷۔ 'کرنے کا اصل کام' یہ ہے کہ اولاً ... بلا لحاظ مذہب و ملت پوری نوعِ انسانی کو بندگیٔ رب کی طرف پکارا جائے اور اسلام کی نظریاتی اساسات کو شعوری طور پر قبول کرنے کی دعوت دی جائے اور ... پھر سابق غیر

مسلموں یا نسلی مسلمانوں میں سے جنہیں بھی اللہ تعالیٰ اسلام کو شعوری طور پر قبول کرنے کی توفیق عطا فرما دے۔ ان کی قوتوں کو ایک ہیئت تنظیمی کے تحت مجتمع کر کے غلبۂ دینِ حق یا 'حکومتِ الٰہیہ'(۱) کے قیام کی منظم جدوجہد کی جائے۔

۸۔ اس جدوجہد میں اولین اہمیت علمی وفکری انقلاب کو حاصل ہے، پھر عملی واخلاقی تبدیلی اور معاشرتی اصلاح کو۔ نظامِ حکومت کی تبدیلی کا مرحلہ ان سب کے بعد آتا ہے۔

ہمارے نزدیک اس موقف میں انتہاپسندی کی شدت تو موجود ہے لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ اسلام کا ٹھیٹھ نظریاتی اور اصولی موقف یہی ہے۔ اور دوسری احیائی مساعی کے _____ (۱) واضح رہے کہ جب جماعت اسلامی کے قیام کے کچھ عرصہ بعد مولانا اصلاحی کا قرآنی فکر بھی اس تحریک کے ساتھ آشامل ہوا تو 'حکومتِ الٰہیہ' کی اصطلاح سرے سے متروک ہو گئی اور اس کی جگہ 'شہادتِ حق' اور 'اقامتِ دین' کی خالص قرآنی اصطلاحوں نے لے لی۔

ساتھ ساتھ اس خالص اصولی اساس پر کسی تحریک کا اٹھنا وقت کی اہم ضرورت تھی جو مولانا سید ابو الاعلیٰ مودودی کے ہاتھوں پوری ہوئی اور ہم داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتے اس پر کہ مولانا موصوف اور ان کے رفقائے کار حالات کی سخت نامساعدت کے علی الرغم اور ہر طرح کے طعن وطنز اور تمسخر واستہزاء کے باوجود مسلسل چھ سال اس موقف پر ڈٹے رہے۔ نتیجۃً عزیمت کی نہایت اعلیٰ مثالیں چشمِ فلک نے دیکھیں اور ع ''تاریخ دعوت وعزیمت'' میں ایک نہایت درخشاں باب کا اضافہ ہو گیا۔ اس طرح گویا وہ کام جسے احیائے اسلام کے 'راست اقدام' سے تعبیر کیا جا سکتا ہے اور جس کا ابتدائی خاکہ (Blue Print) مولانا ابو الکلام آزاد مرحوم نے تیار کیا تھا، عملاً مولانا مودودی کے ہاتھوں شروع ہوا۔

لیکن افسوس کہ ع

''خوش درخشید ولے شعلۂ مستعجل بود!''

(۱)

کے مصداق مولانا مودودی اور جماعتِ اسلامی اس بلند وبالا موقف پر زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکے اور ۱۹۴۷ء میں جیسے ہی مسلمانانِ ہند کی قومی تحریک کامیابی سے ہمکنار ہوئی اور پاکستان کے نام سے ایک آزاد مسلمان ریاست قائم ہوئی اور متعدد اسباب سے ایک توقع سی نظر آئی کہ یہاں اسلام کے نام پر ایک سیاسی تحریک چلائی جا سکتی ہے، انہوں نے اپنے اصولی موقف کو ترک کر کے بغیر اس کے کہ کوئی عملی وفکری انقلاب آیا ہو یا اخلاقی وعملی

تبدیلی معاشرے میں برپا ہوئی ہو، نظامِ حکومت کی 'اصلاح' کے لئے عملی سیاسیات کے میدان میں قدم رکھ دیا۔ لیکن جیسے جیسے وقت گزرتا گیا وہ توقع تو موہوم سے موہوم تر ہوتی چلی گئی البتہ سیاست کی سنگلاخ وادی میں یہ تحریک

{ وَ لٰكِنَّهٗۤ اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ }(۲)

کے مصداق پست تر موقف اختیار کرنے پر مجبور ہوتی چلی گئی۔

پہلے خیال تھا کہ خالص اسلام کے نام اور محض اپنے زورِ بازو کے بل پر یہ مرحلہ سر ہو جائے گا لہٰذا کمال شانِ استغناء کے ساتھ دوسری سیاسی جماعتوں کی اشتراکِ عمل کی پیش کشوں کو ٹھکرادیا

---

(۱) یہ روشنی کا شعلہ چند ہی دن رہا اور جلد بجھ گیا۔

(۲) سورۃ الاعراف آیت ۱۷۶: ''لیکن وہ تو زمین ہی میں دھنس کر رہ گیا''

گیا۔ جب پنجاب کے ۵۱ء کے الیکشن کے بعد یہ مغالطہ دور ہوا تو خیال ہوا کہ مذہب کے نام پر دوسری مذہبی جماعتوں کے تعاون سے یہ مہم سر کی جائے۔ پھر جب معلوم ہوا کہ یہ بھی ممکن نہیں اور چڑھائی اتنی سخت ہے کہ گاڑی اس سیکنڈ گیئر میں بھی آگے نہیں بڑھ سکتی تو گویا پہلا گیئر آزمایا گیا اور ایک درجہ اور نیچے اتر کر محض جمہوریت کے نام پر مذہبی ولادینی تمام عناصر کے ساتھ مل کر آگے بڑھنے کی کوشش کی گئی۔

سابق صدر ایوب مرحوم کا پورا گیارہ سالہ دورِ حکومت اسی ''بحالیٔ جمہوریت'' کی مہم کی نذر ہو گیا۔ لیکن جب ان کے اقتدار کی عمارت گری تو اس کے ملبے سے کچھ 'اور' ہی برآمد ہو گیا۔

ہمارے پیش نظر اس وقت نہ تو تاریخ نگاری ہی ہے نہ ہی جماعتِ اسلامی کے مستقبل کے بارے میں کوئی پیش گوئی یا قیاس آرائی، نہ ہم اس وقت اس بحث ہی میں الجھنا چاہتے ہیں کہ مولانا مودودی کے اس 'انقلابِ حال' کے اسباب کیا تھے (اس پر ہم اپنی تالیف ''تحریک جماعتِ اسلامی: ایک تحقیقی مطالعہ'' میں مفصل بحث بھی کر چکے ہیں) ہمیں اس معاملے کے جس پہلو سے اصل دلچسپی ہے وہ یہ ہے کہ جماعتِ اسلامی کے اس 'انتقالِ موقف' سے احیائے اسلام کے ہمہ جہتی عمل میں ٹھیٹھ اصولی اسلامی تحریک کی جگہ پھر خالی ہو گئی اور اس مہیب خلا کو پُر کرنے کی کوئی صورت تا حال پیدا نہیں ہوئی جو اپنے پیش رو مولانا آزاد اور ان کی جماعت حزب اللہ کی طرح مولانا مودودی اور ان کی قائم کردہ جماعت اسلامی نے جیتے جی مرحوم ہو کر پیدا کیا ہے۔ چنانچہ اب اگرچہ سیاسی وقومی سطح پر بھی احیائی عمل جاری ہے اور علماء کرام کی سرگرمیاں بھی اپنے اپنے رنگ میں تیز سے تیز تر ہو گئی ہیں، احیائی عمل کا یہ تیسرا اور اہم ترین گوشہ ویران وسنسان پڑا ہے!

جماعتِ اسلامی کے موقف میں یہ تبدیلی اصولاً ۴۷ء ہی میں پیدا ہو گئی تھی لیکن کم وبیش دس سال یہ اپنی قوت کے زور میں بڑھتی چلی گئی اور اس تبدیلی کا احساس بھی لوگوں

کو نہیں ہوا۔ لیکن ۵۶-۵۷ء میں جماعت میں اس احساس نے زور پکڑا اور طریق کار کے بارے میں ایک اختلافِ رائے ظاہر ہوا جس نے ایک ہنگامے کی صورت اختیار کر لی۔ نتیجۃً جماعت کے 'اکابر' کی اکثریت چند 'اصاغر' سمیت جماعت سے کٹ گئی۔ اُن 'اصاغر' میں سے ایک ان سطور کا راقم بھی ہے۔ بعد ازاں 'بڑے' تو اپنے اپنے 'بڑے' کاموں میں مشغول و مصروف ہو گئے لیکن یہ 'چھوٹا' ؎

ایک بلبل ہے کہ ہے محوِ ترنم اب تک
اس کے سینے میں ہے نغموں کا تلاطم اب تک

کے مصداق اپنے دل ودماغ کو اس جنتِ گم گشتہ کے خیال سے فارغ نہ کر سکا، بلکہ جیسے جیسے دن بیتے اس کا حال یہ ہوتا چلا گیا کہ ؎

تخم جس کا تو ہماری کشتِ جاں میں بو گئی
شرکتِ غم سے یہ الفت اور محکم ہو گئی

وہ جب جماعت سے علیحدہ ہوا اس کی عمر کُل پچیس برس تھی۔ بالکل نو عمری کا عالم، نہ علم نہ تجربہ، لہٰذا پورے دس برس اس نے اس انتظار میں بسر کئے کہ 'بڑوں' میں سے کوئی ہمت کرے اور از سرِ نو سفر کا آغاز کر دے۔ لیکن اللہ کو یہ بھی منظور نہ ہوا تا آنکہ ۶۶-۶۷ء میں اس نے خود کرِ ہمت کسی اور بفحوائے الفاظ قرآنی {اِنَّ ہٰذَا الْقُرْاٰنَ یَہْدِیْ لِلَّتِیْ ہِیَ اَقْوَمُ}(۱)

درسِ قرآن کی صورت میں ٹھیٹھ اسلامی دعوت کے لئے ذہنی وفکری سطح

(۱) ''یقیناً یہی قرآن ہے جو رہنمائی فرماتا ہے اس راہ کی طرف جو سب سے سیدھی اور سب سے درست ہے۔'' عجب حسنِ اتفاق ہے کہ یہ الفاظ مبارکہ سورۃ بنی اسرائیل میں ان آیات کے فوراً بعد وارد ہوئے ہیں جو بنی اسرائیل

اور امتِ مسلمہ کی تاریخ میں مماثلت و مشابہت کے بیان میں اس تحریر میں تفصیل کے ساتھ زیرِ بحث آچکی ہیں۔ مزید غور طلب نکتہ یہ ہے کہ بنی اسرائیل کی تاریخ کا ذکر شروع ہوا توراۃ کے ذکر سے {وَاٰتَیۡنَا مُوۡسَی الۡکِتٰبَ وَجَعَلۡنٰہُ ہُدًی لِّبَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ}اور اس کا اختتام ہوا قرآن کے ذکر پر۔ گویا سابق امت کی تاسیس بھی کتاب ہی کی بنیاد پر ہوئی تھی اور اس کے معزول کئے جانے کے بعد نئی امت ِ مسلمہ کی تاسیس بھی ''الکتٰب'' ہی کی بنیاد پر ہوئی ہے تو ظاہر ہے کہ اس کی 'تجدید' کے لئے بھی مبنیٰ و اساس قرآن کے سوا کوئی چیز نہیں بن سکتی ؎ گر تو می خواہی مسلماں زیستن نیست جز بہ قرآن زیستن (اقبالؔ) ''اگر تم مسلمان رہ کر زندگی گزارنا چاہتے ہو تو ممکن نہیں سوائے قرآن کے ساتھ جینے کے''

پر میدان ہموار کرنے کا کام شروع کردیا۔ اس کے کام کو اللہ تعالیٰ نے شرفِ قبولیت عطا فرمایا ورچند ہی سالوں میں اس کے قائم کردہ 'حلقہ ہائے مطالعۂ قرآن' کی کوکھ سے 'مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور' برآمد ہو گئی اور اب اس کے بھی دو ہی سال بعد وہ اسی ٹھیٹھ اصولی اسلامی تحریک کے احیاء کے لئے ''تنظیمِ اسلامی'' کے قیام کا ارادہ کر رہا ہے۔

اسے خوب معلوم ہے کہ اس کے پاس نہ مولانا ابوالکلام آزاد مرحوم کی سی عبقریت اور ذہانت وفطانت ہے، نہ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی سی صلاحیتِ کار اور محنت و مشقت کا مادہ۔ پھر نہ وہ شعلہ بیان خطیب ہے نہ صاحب طرز ادیب، بایں ہمہ ایک احساسِ فرض ہے جو چین نہیں لینے دیتا اور ایک عظیم تحریک کی امانت کے بار کا احساسِ گراں ہے جس نے اسے ع

''ہرچہ باداباد، ما کشتی درآب انداختیم''

(۱)

کے مصداق اس پُرخطر وادی میں کودپڑنے پر مجبور کر دیا ہے۔

اب جو لوگ شخصیتوں اور جماعتوں کی سطح سے بلند ہو کر سوچنے اور غور وفکر کرنے کی ہمت اور صلاحیت ہی سے عاری ہوں ان کا معاملہ تو دوسرا ہے، البتہ وہ لوگ جو کسی تحریک کے بنیادی نظریات ومقاصد پر نظر رکھتے ہوئے اپنے موقف پر نظرثانی کی ہمت کر سکیں، ان کے لئے ایک لمحۂ فکریہ ہے۔ انہیں چاہیئے کہ ٹھنڈے دل کے ساتھ ہمارے موقف پر غور کریں اور اگر انہیں اس میں صحت وصداقت نظر آئے تو ہمارا ساتھ دینے پر آمادہ ہوں اور کمر ہمت کسیں ! بہرحال اپنی حد تک ہم نے فیصلہ کر لیا ہے کہ ؎

دریں دریائے بے پایاں، دریں طوفانِ موج افزا
سرافگندیم، بسم اللہ مجرٖھا ومرسٰھا

(۲) _____ (۱) جو ہو تو ہو میں نے کشتی سمندر میں ڈال دی ہے۔
(۲) ایسا دریا جس کی گہرائی اور تیزی کا کوئی اندازہ نہیں ہے لیکن میں نے کشتی اللہ کے نام سے دریا میں دھکیل دی ہے۔

ضمیمہ

نزولِ قرآن سے قبل تاریخ بنی اسرائیل

کے چار دَور

(ماخوذ از تفہیم القرآن، تالیف سید ابوالاعلیٰ مودودی مرحوم)

بنی اسرائیل جب فلسطین میں داخل ہوئے تو ... انہوں نے اپنی کوئی متحدہ سلطنت قائم نہ کی۔ وہ قبائلی عصبیت میں بتلا تھے۔ ان کے ہر قبیلے نے اس بات کو پسند کیا کہ مفتوح علاقے کا ایک حصہ لے کر الگ ہو جائے۔

۱۔ عروجِ اول: عہدِ زریں

آخر کار بنی اسرائیل کو ایک فرمانروا کے تحت اپنی ایک متحدہ سلطنت قائم کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی اور ان کی درخواست پر حضرت سموئیل نبی نے ۱۰۲۰ قبل مسیح میں طالوت کو ان کا بادشاہ بنایا۔

اس متحدہ سلطنت کے تین فرمانروا ہوئے۔ طالوت (۱۰۲۰ تا ۱۰۰۴ ق م)، حضرت داؤد علیہ السلام (۱۰۰۴ تا ۹۶۵ ق م) اور حضرت سلیمان علیہ السلام (۹۶۵ تا ۹۲۶ ق م)۔ ان فرمانرواؤں نے اس کام کو مکمل کیا جسے بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد نامکمل چھوڑ دیا تھا۔

۲۔ زوال اور عذاب کا پہلا دور

حضرت سلیمان ؑ کے بعد بنی اسرائیل پر دنیا پرستی کا پھر شدید غلبہ ہوا اور انہوں نے آپس میں لڑ کر اپنی دو الگ سلطنتیں قائم کر لیں۔ شمالی فلسطین اور شرق اردن میں سلطنت اسرائیل، جس کا پایۂ تخت آخر کار سامریہ قرار پایا۔ اور جنوبی فلسطین اور ادوم کے علاقے میں

سلطنت یہودیہ جس کا پایۂ تخت یروشلم رہا۔ ان دونوں سلطنتوں میں سخت رقابت اور کشمکش اول روز سے شروع ہو گئی اور آخر تک رہی۔

ان میں سے اسرائیلی ریاست کے فرمانروا اور باشندے ہمسایہ قوموں کے مشرکانہ عقائد اور اخلاقی فساد سے سب سے پہلے اور سب سے زیادہ متاثر ہوئے اور یہ حالت اپنی انتہا کو پہنچ گئی۔ حضرت الیاس اور حضرت الیسع علیہما السلام نے اس سیلاب کو روکنے کی انتہائی کوشش کی مگر یہ قوم جس تنزل کی طرف جا رہی تھی اس سے باز نہ آئی۔ آخر کار اللہ کا غضب اشوریوں کی شکل میں دولت اسرائیل کی طرف متوجہ ہوا اور نویں صدی قبل مسیح سے فلسطین پر اشوری فاتحین کے مسلسل حملے شروع ہو گئے۔ اس دور میں عاموس نبی (۷۸۷ تا ۷۴۷ قبل مسیح) اور پھر ہوسیع نبی (۷۴۷ تا ۷۳۵ قبل مسیح) نے اٹھ کر اسرائیلیوں کو پے درپے تنبیہات کیں، مگر جس غفلت کے نشے میں وہ سرشار تھے وہ تنبیہہ کی ترشی سے اور زیادہ تیز ہو گیا۔ اس کے بعد کچھ زیادہ مدت نہ گزری تھی کہ خدا کا عذاب اسرائیلی سلطنت اور اس کے باشندوں پر ٹوٹ پڑا۔ ۷۲۱ قبل مسیح میں اشور کے سخت گیر فرمانروا سارگون نے سامریہ کو فتح کر کے دولت اسرائیل کا خاتمہ کر دیا، ہزارہا اسرائیلی تہ تیغ کئے گئے، ۲۷ ہزار سے زیادہ با اثر اسرائیلیوں کو ملک سے نکال کر اشوری سلطنت کے مشرقی اضلاع میں تتر بتر کر دیا گیا اور دوسرے علاقوں سے لا کر غیر قوموں کو اسرائیل کے علاقے میں بسایا گیا جن کے درمیان رہ بس کر بچا کھچا اسرائیلی عنصر بھی اپنی قومی تہذیب سے روز بروز زیادہ بیگانہ ہوتا چلا گیا۔

بنی اسرائیل کی دوسری ریاست جو یہودیہ کے نام سے جنوبی فلسطین میں قائم ہوئی، وہ بھی حضرت سلیمان علیہ السلام کے بعد بہت جلدی شرک اور بداخلاقی میں مبتلا ہو گئی مگر نسبتہً اس کا اعتقادی اور اخلاقی زوال دولتِ اسرائیلی کی بہ نسبت سست رفتار تھا، اس لئے اس کو مہلت بھی کچھ زیادہ دی گئی۔ پھر جب حضرت یسعیاہ اور حضرت یرمیاہ کی مسلسل کوششوں کے باوجود یہودیہ کے لوگ بت پرستی اور بداخلاقیوں سے باز نہ آئے تو ۵۹۸ قبل مسیح میں بابل کے بادشاہ بخت نصر نے یروشلم سمیت پوری دولت یہودیہ کو مسخر کر لیا اور یہودیہ کا بادشاہ اس کے پاس قیدی بن کر رہا۔ یہودیوں کی بداعمالیوں کا سلسلہ اس پر بھی ختم نہ ہوا اور حضرت یرمیاہ کے سمجھانے کے

باوجود وہ اپنے اعمال درست کرنے کے بجائے بابل کے خلاف بغاوت کر کے اپنی قسمت بدلنے کی کوشش کرنے لگے۔ آخر ۵۸۷ قبل مسیح میں بخت نصر نے ایک سخت حملہ

کر کے یہودیہ کے تمام بڑے چھوٹے شہروں کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ یروشلم اور ہیکل سلیمانی کو اس طرح پیوند خاک کیا کہ اس کی ایک دیوار بھی اپنی جگہ کھڑی نہ رہی، یہودیوں کی بہت بڑی تعداد کو ان کے علاقے سے نکال کر ملک ملک میں تتر بتر کر دیا اور جو یہودی اپنے علاقے میں رہ گئے وہ بھی ہمسایہ قوموں کے ہاتھوں بری طرح ذلیل اور پامال ہو کر رہے۔ یہ تھا وہ پہلا فساد جس سے بنی اسرائیل کو متنبہ کیا گیا تھا اور یہ تھی وہ پہلی سزا جو اس کی پاداش میں ان کو دی گئی۔

جہاں تک سامریہ اور اسرئیل کے لوگوں کا تعلق ہے، وہ تو اخلاقی و اعتقادی زوال کی پستیوں میں گرنے کے بعد پھر نہ اٹھے، مگر یہودیہ کے باشندوں میں ایک بقیہ ایسا موجود تھا جو خیر پر قائم اور خیر کی دعوت دینے والا تھا۔ اس نے ان لوگوں میں بھی اصلاح کا کام جاری رکھا جو یہودیہ میں بچے کھچے رہ گئے تھے اور ان لوگوں کو بھی توبہ وانابت کی ترغیب دی جو بابل اور دوسرے علاقوں میں جلاوطن کر دیئے گئے تھے۔ آخر کار رحمت الٰہی ان کی مددگار ہوئی۔ بابل کی سلطنت کو زوال ہوا۔ ۵۳۹ قبل مسیح میں ایرانی فاتح سائرس (خورس یا خسرو) نے بابل کو فتح کیا اور اس کے دوسرے ہی سال اس نے فرمان جاری کر دیا کہ بنی اسرائیل کو اپنے وطن واپس جانے اور وہاں دوبارہ آباد ہونے کی عام اجازت ہے چنانچہ اس کے بعد یہودیوں کے قافلے پر قافلے یہودیہ کی طرف جانے شروع ہو گئے جن کا سلسلہ مدتوں جاری رہا۔ آخر داریوس (دارا) اول نے ۵۲۲ ق م میں یہودیہ کے آخری بادشاہ کے پوتے زروبابل کو یہودیہ کا گورنر مقرر کیا اور اس نے حجی نبی، زکریا نبی اور سردار کاہن یشوع کی نگرانی میں ہیکل مقدس نئے سرے سے تعمیر کیا۔ پھر ۴۵۸ ق م میں ایک جلا وطن گروہ کے ساتھ حضرت عزیر (عزرا) یہودیہ پہنچے۔

۳۔ عروجِ ثانی: دولتِ مکابی

حضرت عزیر نے دین موسوی کی تجدید کا بہت بڑا کام انجام دیا۔ انہوں نے یہودی قوم کے تمام اہل خیر وصلاح کو ہر طرف سے جمع کر کے ایک مضبوط نظام قائم کیا۔ بائبل کی کتب خمسہ کو جن میں تورات تھی، مرتب کر کے شائع کیا۔ یہودیوں کی دینی تعلیم کا انتظام کیا، قوانین شریعت کو نافذ کر کے ان اعتقادی اور اخلاقی برائیوں کو دور کرنا شروع کیا جو بنی اسرائیل کے اندر غیر قوموں کے اثر سے گھس آئی تھیں، ان تمام مشرک عورتوں کو طلاق دلوائی جن سے

یہودیوں نے بیاہ کر رکھے تھے اور بنی اسرائیل سے از سرِ نو خدا کی بندگی اور اس کے آئین کی پیروی کا میثاق لیا۔

ایرانی سلطنت کے زوال اور سکندر اعظم کی فتوحات اور پھر یونانیوں کے عروج سے یہودیوں کو کچھ مدت کے لئے ایک سخت دھکا لگا۔ سکندر کی وفات کے بعد اس کی سلطنت جن تین سلطنتوں میں تقسیم ہوئی تھی، ان میں سے شام کا علاقہ اُس سلوقی سلطنت کے حصے میں آیا جس کا پایہ تخت انطاکیہ تھا اور اس کے فرمانروا انٹیوکس ثالث نے ۱۹۸ ق م میں فلسطین پر قبضہ کر لیا۔ یہ یونانی فاتح، جو مذہباً مشرک اور اخلاقاً اباحیت پسند تھے، یہودی مذہب وتہذیب کو سخت ناگوار محسوس کرتے تھے۔ انہوں نے اس کے مقابلے میں سیاسی اور معاشی دباؤ سے یونانی تہذیب کو فروغ دینا شروع کیا۔

۱۷۵ ق م میں انٹیوکس چہارم جب تخت نشین ہوا تو اس نے پوری جابرانہ طاقت سے کام لے کر یہودی مذہب وتہذیب کی بیخ کنی کرنی چاہی۔ لیکن یہودی اس جبر سے مغلوب نہ ہوئے اور ان کے اندر ایک زبردست تحریک اٹھی جو تاریخ میں مکابی بغاوت کے نام سے مشہور ہے۔ عام یہودیوں میں حضرت عزیر کی پھونکی ہوئی روحِ دینداری کا اتنا زبردست اثر تھا کہ وہ سب مکابیوں کے ساتھ ہو گئے اور آخر کار انہوں نے یونانیوں کو نکال کر اپنی ایک آزاد دینی ریاست قائم کر لی جو ۶۷ ق م تک قائم رہی۔ اس ریاست کے حدود پھیل کر رفتہ رفتہ اس پورے رقبے پر حاوی ہو گئے جو کبھی یہودیہ اور اسرئیل کی ریاستوں کے زیر نگیں تھے، بلکہ فلستیہ کا بھی ایک بڑا حصہ اس کے قبضے میں آگیا جو حضرت داؤد وسلیمان علیہما السلام کے زمانے میں بھی مسخر نہ ہوا تھا۔

مکابیوں کی تحریک جس اخلاقی ودینی روح کے ساتھ اٹھی تھی وہ بتدریج فنا ہوتی چلی گئی اور اس کی جگہ خالص دنیا پرستی اور بے روح ظاہرداری نے لے لی۔ آخر کار ان کے درمیان پھوٹ پڑ گئی اور انہوں نے خود رومی فاتح پومپی کو فلسطین آنے کی دعوت دی۔ چنانچہ پومپی ۶۳ ق م میں اس ملک کی طرف متوجہ ہوا اور اس نے بیت المقدس پر قبضہ کر کے یہودیوں کی آزادی کا خاتمہ کر دیا۔ انہوں نے فلسطین میں اپنے زیر سایہ ایک دیسی ریاست قائم کر دی جو بالآخر ۴۰ ق م میں ایک ہوشیار یہودی ہیرود نامی کے قبضے میں آئی۔ یہ شخص ہیرود اعظم کے نام سے مشہور ہے۔ اس کی فرمانروائی پورے فلسطین اور شرق اردن پر ۴۰ سے ۴ قبل مسیح تک رہی۔

اس نے ایک طرف مذہبی پیشواؤں کی سرپرستی کر کے یہودیوں کو خوش رکھا اور دوسری طرف رومی تہذیب کو فروغ دے کر اور رومی سلطنت کی وفاداری کا زیادہ سے زیادہ مظاہرہ کر کے قیصر کی بھی خوشنودی حاصل کی۔ اس زمانے میں یہودیوں کی دینی واخلاقی حالت گرتے گرتے زوال کی آخری حد کو پہنچ چکی تھی۔

ہیرود کے بعد اس کی ریاست تین حصوں میں تقسیم ہو گئی۔

اس کا ایک بیٹا ارخلاؤس سامریہ، یہودیہ اور شمالی ادومیہ کا فرمانروا ہوا مگر ۶ء میں قیصر آگسٹس نے

اس کو معزول کر کے اس کی پوری ریاست اپنے گورنر کے ماتحت کر دی اور ۴۱ء تک یہی انتظام قائم رہا۔ یہی زمانہ تھا جب حضرت مسیح علیہ السلام بنی اسرائیل کی اصلاح کیلئے اٹھے اور یہودیوں کے تمام مذہبی پیشواؤں نے مل کر ان کی مخالفت کی اور رومی گورنر پونتس پیلاطس سے ان کو سزائے موت دلوانے کی کوشش کی۔ (اور اپنے خیال کے مطابق تو ان کو سولی پر چڑھوا ہی دیا!)

ہیرود کا دوسرا بیٹا ہیرود اینٹی پاس شمالی فلسطین کے علاقہ گلیل اور شرق اردن کا مالک ہوا اور یہی وہ شخص ہے جس نے ایک رقاصہ کی فرمائش پر حضرت یحییٰ علیہ السلام کا سر قلم کر کے اس کی نذر کیا۔

اس کا تیسرا بیٹا فلپ، کوہ حرمون سے دریائے یرموک تک کے علاقے کا مالک ہوا اور یہ اپنے باپ اور بھائیوں سے بھی بڑھ کر رومی ویونانی تہذیب میں غرق تھا۔

۴۱ء میں ہیرود اعظم کے پوتے ہیرود اگرپا کو رومیوں نے ان تمام علاقوں کا فرمانروا بنا دیا جن پر ہیرود اعظم اپنے زمانے میں حکمراں تھا۔ اس شخص نے برسر اقتدار آنے کے بعد مسیح علیہ السلام کے پیروؤں پر مظالم کی انتہا کر دی اور اپنا پورا زور خدا ترسی واصلاحِ اخلاق کی اس تحریک کو کچلنے میں صرف کر ڈالا جو حواریوں کی رہنمائی میں چل رہی تھی۔

۴۔ زوال وعذاب کا دوسرا دور

اس پر تھوڑا زمانہ ہی گزرا تھا کہ یہودیوں اور رومیوں کے درمیان سخت کشمکش شروع ہو گئی اور ۶۴ء اور ۶۶ء کے درمیان یہودیوں نے کھلی بغاوت کر دی۔ ہیرود اگرپا ثانی اور رومی پروکیوریٹر فلورس، دونوں اس بغاوت کو فرو کرنے میں ناکام ہوئے۔ آخر کار رومی سلطنت نے ایک سخت فوجی کارروائی سے اس بغاوت کو کچل ڈالا اور ۷۰ء میں ٹیٹس نے بزور شمشیر یروشلم کو

فتح کر لیا۔ اس موقع پر قتل عام میں ایک لاکھ ۳۳ ہزار آدمی مارے گئے، ۶۷ ہزار آدمی گرفتار کر کے غلام بنائے گئے، ہزارہا آدمی پکڑ پکڑ کر مصری کانوں میں کام کرنے کیلئے بھیج دیئے گئے، ہزاروں آدمیوں کو پکڑ کر مختلف شہروں میں بھیجا گیا تاکہ ایمفی تھیٹروں اور کلوسیموں میں ان کو جنگلی جانوروں سے پھڑوانے یا شمشیر زنوں کے کھیل کا تختۂ مشق بننے کیلئے استعمال کیا جائے۔ تمام دراز قامت اور حسین لڑکیاں فاتحین کیلئے چن لی گئیں اور یروشلم کے شہر اور ہیکل کو مسمار کر کے پیوندِ خاک کر دیا گیا۔ اس کے بعد فلسطین سے یہودی اثر واقتدار ایسا مٹا کہ دوہزار برس تک اس کو پھر سر اٹھانے کا موقع نہ ملا اور یروشلم کا ہیکل مقدس پھر کبھی تعمیر نہ ہو سکا۔ بعد میں قیصر ہیڈریان نے اس شہر کو دوبارہ آباد کیا مگر اب اس کا نام ایلیا تھا اور اس میں مدت ہائے دراز تک یہودیوں کو داخل ہونے کی اجازت نہ تھی۔

یہ تھی وہ سزا جو بنی اسرائیل کو دوسرے فسادِ عظیم کی پاداش میں ملی۔